Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ
عوام کی بے ساختہ للکار
ABC Certified

روزنامہ
Daily Awami Lalkaar
راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 14
منگل، 18 جولائی 2023ء، 29 ذوالحجہ 1444ھ، قیمت 20 روپے
شمارہ 85

دورہ کے موقع پر دل کے مریضوں کے علاج معالجے کی سہولتوں کا جائزہ لیا، وزیر اعلیٰ نے ایمرجنسی وارڈ، سٹی سکین، ایکسرے روم، فلوروسکوپی اور دیگر شعبوں کا معائنہ کیا

نگران وزیر اعلیٰ پنجاب کا راولپنڈی کارڈیالوجی کا دورہ، علاج معالجے کی سہولتوں کا جائزہ لیا

موقع پر محسن نقوی نے مریضوں کی عیادت کی اور علاج معالجے کی سہولتوں کے بارے استفسار کیا، مریضوں اور تیمارداروں سے انجیوگرافی اور انجیو پلاسٹی کی سہولت کے بارے بھی دریافت کیا

کارڈیالوجی میں علاج معالجے کی معیاری سہولتیں دیکھ کر خوشی ہوئی، یہ ہسپتال دل کے مریضوں کے لئے اچھی علاج گاہ ہے، ڈاکٹرز، نرسز اور پیرامیڈیکل سٹاف کے دکھی انسانیت کی خدمت کے جذبے کو سراہتا ہوں

راولپنڈی (نامہ نگار) نگران وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے راولپنڈی انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کا دورہ کیا، ہسپتال میں علاج معالجے کی سہولیات کا جائزہ لیا۔ محسن نقوی نے راولپنڈی انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کے دورہ کے موقع پر دل کے مریضوں کے علاج معالجے کی سہولتوں کا جائزہ لیا، وزیر اعلیٰ نے ایمرجنسی وارڈ، سٹی سکین، ایکسرے روم، فلوروسکوپی اور دیگر شعبوں کا معائنہ کیا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب نے وی آئی پی وارڈ کو عام مریضوں کیلئے کھولنے کی بھی ہدایت کی۔ اس موقع پر محسن نقوی نے مریضوں کی عیادت کی اور علاج معالجے کی سہولتوں کے بارے استفسار کیا، مریضوں اور تیمارداروں سے انجیو گرافی اور انجیو پلاسٹی کی سہولت کے بارے بھی دریافت کیا۔ مریضوں اور تیمارداروں نے ہسپتال میں فراہم کردہ سہولتوں پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹرز اور عملہ خیال رکھتا ہے، ادویات بھی ہسپتال سے ملتی ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کا کہنا تھا کہ راولپنڈی انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں علاج معالجے کی معیاری سہولتیں دیکھ کر خوشی ہوئی، یہ ہسپتال دل کے مریضوں کے لئے اچھی علاج گاہ ہے، ڈاکٹرز، نرسز اور پیرا میڈیکل سٹاف کے دکھی انسانیت کی خدمت کے جذبے کو سراہتا ہوں۔ محسن نقوی نے کہا کہ ہسپتال کے لئے فنڈز اور دیگر درکار ضرورتوں کو پورا کیا جائے گا۔ مریضوں اور تیمارداروں نے ہسپتال میں فراہم کردہ سہولتوں پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹرز اور عملہ خیال رکھتا ہے، ادویات بھی ہسپتال سے ملتی ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کا کہنا تھا کہ راولپنڈی انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں علاج معالجے کی معیاری سہولتیں دیکھ کر خوشی ہوئی، یہ ہسپتال دل کے مریضوں کے لئے اچھی علاج گاہ ہے، ڈاکٹرز، نرسز اور پیرا میڈیکل سٹاف کے دکھی انسانیت کی خدمت کے جذبے کو سراہتا ہوں۔ محسن نقوی نے کہا کہ ہسپتال کے لئے فنڈز اور دیگر درکار ضرورتوں کو پورا کیا جائے گا۔ یہ ہسپتال دل کے مریضوں کے لئے اچھی علاج گاہ ہے، ڈاکٹرز، نرسز اور پیرا میڈیکل (بقیہ نمبر 1)

پرویز خٹک نے PTI پارلیمنٹیرینز کے نام سے نئی سیاسی جماعت بنا لی

ذرائع کا کہنا ہے کہ پرویز خٹک نے کئی سابق ایم پی ایز اور ایم این ایز کو پارٹی میں شامل ہونے کی دعوت ہے

پشاور (خبر نگار) پی ٹی آئی کے سابق رہنما اور سابق وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا پرویز خٹک نے پی ٹی آئی پارلیمنٹیرینز بنانے کا اعلان کر دیا۔ ذرائع کے مطابق خیبر پختونخوا کے سابق وزیر اعلیٰ محمود خان، سابق رکن قومی اسمبلی شوکت علی اور سابق وزیر اشتیاق ا (بقیہ نمبر 4)

وزیر اعظم نے نگران سیٹ اپ کیلئے مشاورت شروع کر دی، قمر زمان کائرہ

حکومت آنے میں دو تین ہفتے باقی ہیں، وزیر اعظم نے نگراں سیٹ اپ کیلئے مشاورتی عمل شروع کر دیا ہے

اسلام آباد (خصوصی خبر نگار) پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما قمر زمان کائرہ نے کہا ہے کہ نگران حکومت آنے میں دو تین ہفتے باقی ہیں، وزیر اعظم نے نگران سیٹ اپ کیلئے مشاورتی عمل شروع کر دیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں قمر زمان کائرہ کا کہنا تھا کہ شہباز شریف (بقیہ نمبر 3)

نئی مردم شماری منظور نہ ہو تو پرانی پر الیکشن ہوتے ہیں، اعظم نذیر تارڑ

وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ نئی مردم شماری منظور نہ ہو تو پرانی منظور شدہ مردم شماری پر الیکشن ہوتے ہیں

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ نئی مردم شماری منظور نہ ہو تو پرانی منظور شدہ مردم شماری پر الیکشن ہوتے ہیں۔ وفاقی وزیر قانون نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آئین کے آرٹیکل 54 میں دونوں صورتیں موجود (بقیہ نمبر 2)

کانفرنس میں مادر وطن کے دفاع میں بہادر سپاہیوں کی مسلسل قربانیوں کو زبردست خراج تحسین پیش، شرکا کو داخلی سلامتی کی موجودہ صورتحال سے متعلق تفصیلی آگاہ کیا گیا

قومی سلامتی کو لاحق کسی بھی خطرے سے نمٹنے کیلئے ہمیشہ تیار رہنا چاہیے، آرمی چیف

کالعدم ٹی ٹی پی اور دیگر دہشت گرد تنظیموں کے ہمسایہ ملک میں ٹھکانے ہیں، ٹی ٹی پی اور دیگر دہشت گرد گروپ پاکستان میں مسائل پیدا کر رہے ہیں، پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ

آئی ایس پی آر کے مطابق آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے کہا کہ معروضی تربیت ہماری پیشہ ورانہ مہارت کا خاصہ ہے، ہمیں قومی سلامتی کو لاحق کسی بھی خطرے سے نمٹنے کیلئے ہمیشہ تیار رہنا چاہئے

کور کمانڈرز کانفرنس میں فورم کو معاشی بحالی کے منصوبے، سرمایہ کاری سہولت کونسل کے دائرہ کار سے آگاہ کیا گیا، زراعت، آئی ٹی، معدنیات، دفاعی پیداواری شعبوں میں ترقی کیلئے فوج کی کاوشوں پر بریفنگ دی گئی

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ ہمیں اپنی قومی سلامتی کو لاحق کسی بھی خطرے سے نمٹنے کے لیے ہمیشہ تیار رہنا چاہیے۔ انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) کے مطابق آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر کے زیر صدارت 258 ویں کور کمانڈرز کانفرنس ہوئی، کانفرنس میں مادر وطن کے دفاع میں بہادر سپاہیوں کی مسلسل قربانیوں کو زبردست خراج تحسین پیش، شرکا کو داخلی سلامتی کی موجودہ صورتحال سے متعلق تفصیلی آگاہ کیا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ (بقیہ نمبر 5)



راولپنڈی: قومی سلامتی کو لاحق کسی بھی خطرے سے نمٹنے کیلئے ہمیشہ تیار رہنا چاہیے، آرمی چیف

سربراہ پاک فضائیہ سے پاکستان کے وزیر خزانہ کی ملاقات، معاشی صورتحال پر تبادلہ خیال

سربراہ پاک فضائیہ نے معیشت کو ترقی اور استحکام کی جانب گامزن کرنے کے لیے حکومت کی عملی پالیسیوں اور اقدامات کی بھی تعریف کی

شعبوں میں مشترکہ تحقیق، ترقی اور اختراع کو فروغ دینا ہے تاکہ پاکستان کے لیے اقتصادی، تکنیکی اور سائنسی فوائد کے حصول کو یقینی بنایا جاسکے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان کے وزیر خزانہ جناب محمد اسحاق ڈار نے آج ایئر ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد کے دورے کے دوران سربراہ پاک فضائیہ، ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو سے ملاقات کی۔ ملاقات میں بین الاقوامی معاشی صورتحال اور علاقائی سلامتی کے ماحول پر تبادلہ خیال کیا (بقیہ نمبر 13)

اسلام آباد: سربراہ پاک فضائیہ سے پاکستان کے وزیر خزانہ کی ملاقات

احتساب عدالت: شہباز شریف اور حمزہ شہباز کی بریت پر فیصلہ محفوظ

احتساب عدالت نے دلائل مکمل ہونے پر فیصلہ محفوظ کر لیا، جو 20 جولائی کو سنایا جائے گا

لاہور (خصوصی رپورٹر) احتساب عدالت نے شہباز شریف اور حمزہ شہباز کی بریت کی درخواست پر فیصلہ محفوظ کر لیا۔ وزیر اعظم شہباز شریف اور حمزہ شہباز شریف سمیت دیگر کی درخواستوں پر سماعت لاہور کی احتساب عدالت میں ہوئی، جس میں حمزہ کی جانب سے طبی وجوہات پر حاضری (بقیہ نمبر 7)

عسکری ٹاور حملہ کیس، خدیجہ شاہ دوبارہ جوڈیشل ریمانڈ پر جیل منتقل

لاہور (نیوز رپورٹر) انسداد دہشت گردی عدالت نے خدیجہ شاہ کو عسکری ٹاور جلانے کے مقدمے میں 14 دن کے لیے جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیج دیا۔ خدیجہ شاہ کو جوڈیشل ریمانڈ ختم (بقیہ نمبر 6)

PTI حکومت کا گند صاف، استحکام والا پاکستان دے کر جا رہے ہیں، مریم اورنگزیب

گزشتہ حکومت کے گند کو اتحادی حکومت نے صاف کیا اور معاشی استحکام والا پاکستان دے کر جا رہے ہیں، وفاقی وزیر اطلاعات

گزشتہ حکومت نے آئی ایم ایف معاہدے کی خلاف ورزی کی اور ملک کو ڈیفالٹ کے دہانے چھوڑ کر گئی، اتحادی حکومت نے اہم کام کیے

اسلام آباد (خصوصی خبر نگار) وفاقی وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ گزشتہ حکومت کے گند کو اتحادی حکومت نے صاف کیا اور معاشی استحکام والا پاکستان دے کر جا رہے ہیں، وزیر اعظم اور اپوزیشن لیڈر کی مشاورت سے نگران سیٹ اپ کا اعلان کیا جائے گا۔ اسلام آباد (بقیہ نمبر 8)

توشہ خانہ کیس اپیل پر مناسب آرڈر پاس کروں گا، چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ

چیف جسٹس عامر فاروق نے رجسٹرار آفس کے اعتراضات کے ساتھ چیئرمین پی ٹی آئی کی درخواست پر سماعت کی

پھر میں کہوں گا سیاسی نوعیت کے کیسز ہیں بائیومیٹرک ختم کردوں تو عام آدمی کا کیا قصور ہے؟ کیس میں مناسب آرڈر پاس کروں گا، چیف جسٹس

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) اسلام آباد ہائیکورٹ نے توشہ خانہ کیس قابل سماعت قرار دینے کے خلاف اپیل پر چیئرمین پی ٹی آئی کے وکیل کو اعتراض دور کرنے کی ہدایت کر دی۔ چیف جسٹس عامر فاروق نے رجسٹرار آفس کے اعتراضات کے ساتھ چیئرمین پی ٹی آئی کی درخواست پر سماعت کی۔ وکیل شیر افضل مروت نے استدعا کی کہ 19 جولائی کو چیئرمین پی ٹی آئی آئیں گے تو بائیو میٹرک کے لیے لے آؤں گا، جس پر چیف جسٹس نے کہا کہ پھر میں کہوں گا سیاسی نوعیت کے کیسز ہیں بائیو میٹرک ختم کردوں تو عام آدمی کا کیا قصور ہے؟ کیس میں مناسب آرڈر پاس کروں گا۔ چیئرمین پی ٹی آئی کے وکیل خواجہ حارث نے کہا کہ ججز پر اعتراضات ہوتے رہتے ہیں لیکن ہم آپ کے پاس انصاف لینے آتے ہیں، چیف جسٹس اسلام آباد (بقیہ نمبر 12)

اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ کا سیکرٹریٹ سب ڈویژن کے مختلف علاقوں میں دورہ

اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ نے تجاوزات کرنے والے افراد کو گرفتار کر کے تھانے منتقل کر دیا

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) ڈپٹی کمشنر اسلام آباد کی ہدایت اور عوامی شکایات ازالے کے لئے اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ کا سیکرٹریٹ سب ڈویژن کے مختلف علاقوں میں دورہ، اسسٹنٹ (بقیہ نمبر 14)

پشاور: امیر جماعت اسلامی سراج الحق کا وزیر اعظم سے ملک میں سودی نظام ختم کرنے کا مطالبہ

سیدنا حضرت عمر فاروقؓ کا یوم شہادت یکم محرم الحرام کو منایا جائے گا

ملک بھر میں مختلف مذہبی جماعتوں و تنظیموں کی جانب سے جلسے، سیمینار اور تقریبات منعقد کی جائیں گی

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) خلیفہ دوم سیدنا حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا یوم شہادت یکم محرم الحرام کو انتہائی عقیدت و احترام سے منایا جائے گا اس سلسلے میں ملک بھر میں مختلف (بقیہ نمبر 9)

راولپنڈی پولیس کی کاروائی، چیک ڈس آنر کے مقدمات میں مطلوب 03 اشتہاری مجرمان گرفتار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی کاروائی، چیک ڈس آنر کے مقدمات میں مطلوب 03 اشتہاری مجرمان گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق نیوٹاؤن پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب 02 اشتہاری مجرمان کاشف اور جلیل کو گرفتار کر لیا، اشتہاری مجرمان گزشتہ سال سے نیوٹاؤن پولیس کو مطلوب تھے، کینٹ پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے چیک (بقیہ نمبر 11)

بجلی صارفین کیلئے پیک آور بڑھا دیئے گئے، حماد اظہر

تھری فیز میٹر والوں کو پیک آورز میں یونٹ بجلی کی قیمت 50 روپے ادا کرنا ہوگی

لاہور (نیوز رپورٹر) تحریک انصاف کے سینئر رہنما حماد اظہر نے کہا ہے کہ بجلی کے صارفین کے لیے پیک آور دو گھنٹے بڑھا دیئے گئے ہیں۔ حماد اظہر نے اپنے بیان میں کہا کہ اب پیک آورز شام 6 بجے سے رات 10 بجے تک نہیں بلکہ شام 5 بجے سے رات 11 بجے تک ہوں گے۔ تھری فیز میٹر (بقیہ نمبر 10)

پی ٹی آئی پر مشکل وقت آیا تو سب لوٹے بھاگ گئے: شیر افضل خان مروت

پشاور (نیوز رپورٹر) چیئرمین پی ٹی آئی کے وکیل شیر افضل خان مروت نے کہا ہے کہ جو لوگ پی ٹی آئی سے علیحدہ ہو کر نئی پارٹی بنا رہے ہیں اس کی کیا وجہ ہے؟، جو لوگ گئے وہ سب اقتدار کے مزے لوٹتے رہے۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے شیر افضل خان مروت نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی (بقیہ نمبر 15)

(ن) لیگ کا آئندہ انتخابات میں سیاسی اتحاد نہ کرنے کا فیصلہ

نواز شریف کی انتخابات سے قبل پنجاب کے حلقوں میں سروے کی ہدایت

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) مسلم لیگ (ن) نے عام انتخابات میں کسی سیاسی جماعت سے اتحاد نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اطلاعات کے مطابق مسلم لیگ (ن) نے عام انتخابات میں کسی بھی سیاسی (بقیہ نمبر 16)

جنوبی پنجاب کی محرومیاں دور کرنے کیلئے عملی اقدامات کریں گے، عبدالعلیم خان

ان علاقوں سے صدر، وزیر اعظم، وزیر اعلیٰ بھی بنے لیکن یہ خطہ ترقی نہیں کر سکا، صدر استحکام پاکستان پارٹی

خطے کی ترقی کے لیٔ عملی اقدامات کریں گے، 11 اضلاع میں صوبے کی 35 فیصد آبادی بنیادی سہولتوں سے محروم ہیں

لاہور (خصوصی رپورٹر) صدر استحکام پاکستان پارٹی عبدالعلیم خان نے کہا ہے کہ جنوبی پنجاب کی محرومیاں دور کرنے کا وقت آگیا، خطے کے ترقی کے لیٔ عملی اقدامات کریں گے۔ لاہور میں صدر استحکام پاکستان پارٹی عبدالعلیم خان سے پارٹی رہنما سعید اکبر نوانی نے ملاقات کی ہے (بقیہ نمبر 24)

اسلام آباد: پی ٹی آئی حکومت کا گند صاف کر دیا، مستحکم پاکستان دے کر جا رہے ہیں: مریم اورنگزیب

لاہور ہائیکورٹ نے پرویز الٰہی کو حفاظتی ضمانت دینے کا سنگل بینچ کا فیصلہ معطل کر دیا

سنگل بینچ نے سابق وزیر اعلیٰ پنجاب کو خفیہ مقدمات میں گرفتار نہ کرنے اور درج مقدمات میں حفاظتی ضمانت دی تھی

پنجاب حکومت نے دائر اپیل میں مؤقف اختیار کیا کہ سنگل بینچ کا فیصلہ حقائق اور قانون کے منافی ہے۔ اپیل میں نشاندہی کی گئی

لاہور (نامہ نگار) لاہور ہائیکورٹ نے پرویز الٰہی کو ضمانت دینے والے سنگل بینچ کے فیصلے کو معطل کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق لاہور ہائیکورٹ میں سابق وزیر اعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی کو خفیہ مقدمات میں گرفتار نہ کرنے اور ضمانت دینے کے سنگل بینچ کے فیصلے کیخلاف انٹرا کورٹ اپیل پر سماعت (بقیہ نمبر 17)

الیکشن کمیشن نے 20 جون تک ووٹرز کے اعداد و شمار جاری کر دیئے

ملک بھر میں 18 تا 25 سال کے ووٹرز کی تعداد 2 کروڑ 35 لاکھ 26 ہزار 34 ہے

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے 20 جون تک ملک بھر کے ووٹرز بارے تفصیلات جاری کر دیں۔ الیکشن کمیشن کے اعداد و شمار کے مطابق ملک بھر میں ووٹرز کی کل تعداد 12 کروڑ 60 لاکھ 66 ہزار 874 ہو گئی، مرد ووٹرز کی تعداد 6 کروڑ 80 لاکھ 99 ہزار 615 جبکہ خواتین ووٹرز کی تعداد 5 کروڑ 79 لاکھ 67 ہزار 259 ہو گئی۔ اعداد و شمار کے مطابق ملک بھر میں 18 تا 25 سال کے ووٹرز کی تعداد 2 کروڑ 35 لاکھ 26 ہزار 34 ہے۔ الیکشن کمیشن کے مطابق ملک میں 26 تا 35 سال کی عمر کے ووٹرز کی تعداد 3 کروڑ 26 لاکھ 70 ہزار 445 ہو گئی۔ ملک میں 36 تا 45 سال (بقیہ نمبر 22)

سیالکوٹ، خلیفہ دوئم حضرت عمر فاروقؓ کا یوم شہادت یکم محرم الحرام کو منایا جائیگا

سیالکوٹ (اسپیشل رپورٹر) خلیفہ دوئم حضرت عمر فاروقؓ کا یوم شہادت یکم محرم الحرام کو انتہائی عقیدت و احترام کیساتھ منایا جائیگا۔ اس حوالہ سے ملک بھر کے تمام چھوٹے بڑے شہروں میں حضرت عمر فاروقؓ کی سیرت، کردار اور اسلام کیلئے خدمات پر روشنی ڈالی جائیگی۔ حضرت عمر فاروقؓ (بقیہ نمبر 25)

سپریم کورٹ آف پاکستان
Supreme Court Of Pakistan

اسلام آباد: فوجی عدالتوں میں سویلینز کا ٹرائل: عابد زبیری کی درخواست پر کل سماعت ہوگی

رابری اور سٹریٹ کرائم میں ملوث گینگ کا سرغنہ ساتھی سمیت گرفتار

گرفتار ملزمان میں گینگ کا سرغنہ فریاد عرف یادی اور محمد اسامہ شامل ہیں

شہریوں کی جان و مال پر حملہ کرنے والے ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے

راولپنڈی (جنرل رپورٹر) صادق آباد پولیس کی کارروائی، رابری اور سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث گینگ کا سرغنہ ساتھی سمیت گرفتار، ملزمان سے وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے رابری (بقیہ نمبر 18)

دریائے ستلج میں پانی کی سطح میں اضافہ، متعدد مقامات پر ریلیف کیمپس قائم

لاہور (نیوز رپورٹر) دریائے ستلج میں پانی کی سطح میں اضافہ ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق دریائے ستلج میں ہیڈ اسلام کے مقام پر پانی کی سطح میں اضافہ ہو گیا ہے، 83 ہزار کیوسک کا ریلہ ہیڈ سلیمانکی سے ہیڈ اسلام کی طرف بڑھ رہا ہے جس کے (بقیہ نمبر 20)

حنیف راہی کا اپنے اغوا کے معاملے پر چیف جسٹس سے رجوع

انسانی حقوق سیل کی جانب سے تعاون نہیں کیا جا رہا، ریاض حنیف

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) ایڈووکیٹ ریاض حنیف راہی نے اپنے مبینہ اغوا کے معاملے پر چیف جسٹس سے رجوع کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق ایڈووکیٹ ریاض حنیف راہی نے اپنے مبینہ اغوا کے معاملے پر چیف جسٹس کو لکھے خط میں موقف اختیار کیا ہے کہ اغوا سے متعلق 14 جون کو شکایت درج کرائی تھی، عدالت نے ڈی جی انسانی حقوق سیل کو تحقیقات کی ہدایت کی، ڈی جی انسانی حقوق سیل نے (بقیہ نمبر 23)

سیالکوٹ، عوام کا تفریحی مقامات کی طرف رجحان بڑھنے لگا

سیالکوٹ (جنرل رپورٹر) سیالکوٹ میں گرمی سے ستائے عوام کا تفریحی مقام ہیڈ مرالہ اور سوئمنگ پول کی طرف رجحان بڑھنے لگا۔ تفصیلات کے مطابق سیالکوٹ میں گرمی کی شدت کی وجہ سے عوام اور منچلے ہیڈ مرالہ نہروں اور سوئمنگ (بقیہ نمبر 26)

14 سالہ لڑکے سے زیادتی کرنے والا ملزم گرفتار، صدر بیرونی پولیس

گرفتار ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) صدر بیرونی پولیس کی کاروائی، 14 سالہ لڑکے سے زیادتی کرنے والا ملزم گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ صدر بیرونی پولیس کو متاثرہ لڑکے کے والد نے (بقیہ نمبر 27)

پی آئی اے آفیسر کینیڈا کے ہوٹل میں ملازمہ کے ساتھ نازیبا حرکت پر معطل

ہوٹل انتظامیہ نے پولیس کو طلب کر لیا، پولیس نے ملزم کو ہوٹل چھوڑنے کا حکم دیا

لاہور (جنرل رپورٹر) کینیڈا کے ہوٹل میں روم سروس کی خاتون کے ساتھ نازیبا حرکات پر پی آئی اے فضائی میزبان کو ملازمت سے معطل کر دیا گیا۔ سینئر فلائٹ اسٹیورڈ محمد ادریس خان کی جانب سے مبینہ جنسی ہراسگی کے حوالے سے شکایت پر ہوٹل انتظامیہ نے پولیس کو طلب کر لیا تھا، کینیڈین پولیس نے سینئر فلائٹ اسٹیورڈ کو مبینہ طور پر کچھ دیر حراست میں لینے کے بعد فوری طور پر ہوٹل چھوڑنے کا کہا جب کہ ہوٹل انتظامیہ کی جانب سے محمد ادریس کو مبینہ طور پر آئندہ کے لیے بلیک لسٹ بھی کر دیا گیا۔ کینیڈا میں (بقیہ نمبر 19)

ایکٹو ہیلپ آرگنائزیشن (اے ایچ او) کی ٹیم کی مس حنا ریاض کی زیر قیادت ڈاکٹر شبیر احمد چشتی سے ملاقات

اوکاڑہ (جنرل رپورٹر) ایکٹو ہیلپ آرگنائزیشن (اے ایچ او) کی ٹیم نے ایم اینڈ ای آفیسر مس حنا ریاض کی زیر قیادت ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال سٹی کے ایم ایس ڈاکٹر شبیر احمد چشتی سے ملاقات کی۔ اس دوران ٹرانس جینڈر کمیونٹی میں ایچ (بقیہ نمبر 21)

سیکرٹری بی آئی ایس پی کا مستحقین کی شکایات کے ازالے کیلئے ای کچہری کا انعقاد

ای- کچہری کے دوران، زیادہ تر شکایات کی فوری طور پر جانچ پڑتال کی گئی

متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ وہ زیادہ سے زیادہ تین گھنٹے کے اندران کے حل کو یقینی بنائیں

اسلام آباد (خبر نگار) سیکرٹری بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) جناب عامر علی احمد نے پروگرام سے مستفید ہونے والوں کے ساتھ گفتگو اور ان کی شکایات کو براہ راست حل کرنے کے لیے آج ای- کچہری کا انعقاد کیا۔ ای کچہری میں ملک بھر سے مستفید ہونے والوں نے شرکت (بقیہ نمبر 29)

کراچی میں پانی و سیوریج پر 1.6 ارب ڈالر خرچ کریں گے، مرتضیٰ وہاب

سٹی کونسل اجلاس کے بعد پریس کانفرنس کرتے ہوئے میئر کراچی مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ ہم نے مثبت کوشش کے ساتھ اجلاس منعقد کرنے کی کوشش کی

ہائیڈرنٹس کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، بدھ کے روز کورنگی میں نئے پل کا افتتاح کریں گے

کراچی (خبر نگار) میئر کراچی مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ شہر قائد میں ایک اعشاریہ 6 ارب ڈالر پانی، سیوریج کو ٹھیک کرنے کے لیے خرچ ہوں گے، ہائیڈرنٹس کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، بدھ کے روز کورنگی میں نئے پل کا افتتاح کریں گے۔ سٹی کونسل اجلاس کے بعد پریس کانفرنس کرتے ہوئے میئر کراچی مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ ہم نے مثبت کوشش کے ساتھ اجلاس منعقد کرنے کی کوشش کی، بہت دکھ کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ آج کانسل میں شور شرابہ ہوتا رہا لیکن حافظ نعیم خاموش رہے، حافظ نعیم چاہتے ہیں کہ الزامات کی سیاست ہو۔ سٹی کونسل اجلاس کے بعد پریس کانفرنس کرتے (بقیہ نمبر 28)

کراچی اسمبلی مدت پوری کرے گی، توڑنے کی تاریخ کا فیصلہ ابھی نہیں ہوا: شرجیل میمن

گلگت بلتستان اسمبلی: پی ڈی ایم اتحاد کی سعدیہ دانش بلا مقابلہ ڈپٹی سپیکر منتخب

پی ٹی آئی نے اپنے سپیکر کیخلاف عدم اعتماد لا کر ڈپٹی سپیکر کو سپیکر بنایا تھا

پی ٹی آئی نے پی ڈی ایم کے مقابلے میں ڈپٹی سپیکر کیلئے کسی امیدوار نے کاغذات جمع نہیں کروائے

گلگت (نیوز رپورٹر) گلگت بلتستان اسمبلی کے ڈپٹی سپیکر انتخاب کا عمل مکمل ہو گیا، پی ڈی ایم اتحاد کی نامزد امیدوار سعدیہ دانش بلا مقابلہ ڈپٹی سپیکر منتخب ہو گئیں۔ ڈپٹی سپیکر کے انتخاب کیلئے پی ٹی آئی فارورڈ بلاک نے پی پی پی رکن سعدیہ دانش کی حمایت کی، پی ٹی آئی نے پی ڈی ایم کے مقابلے میں ڈپٹی سپیکر کیلئے کسی امیدوار نے کاغذات جمع نہیں کروائے۔ یوں سعدیہ دانش گلگت بلتستان اسمبلی کی پہلی خاتون ڈپٹی سپیکر بن گئیں، پی ٹی آئی نے اپنے سپیکر کیخلاف عدم اعتماد لا کر ڈپٹی سپیکر کو سپیکر بنایا (بقیہ نمبر 30)

کرپشن کیس: اسد قیصر کی 10 روز کے لئے حفاظتی ضمانت منظور

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) اسلام آباد ہائیکورٹ نے کرپشن کیس میں اسد قیصر کی حفاظتی ضمانت 10 روز کے لئے منظور کر لی۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس طارق محمود جہانگیری نے اسد قیصر کے خلاف صوابی میں درج کرپشن کے مقدمہ سے متعلق دائر درخواست پر سماعت کی۔ اسد قیصر اپنے وکیل کے ہمراہ عدالت میں

لاہور: 9 مئی واقعات: پراسیکیوشن ڈیپارٹمنٹ نے انکوائری رپورٹ حکومت کو بھجوادی

عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

وزیراعظم کا قوم سے خطاب

وزیراعظم شہباز شریف کا قوم سے خطاب میں کہنا ہے کہ اپریل 2022 میں بطور وزیراعظم جو ذمہ داری انہیں سونپی گئی تھی وہ اگست 2023 میں نگران حکومت کے حوالے کر دیں گے، سوا سال کا یہ مختصر عرصہ ناامیدی کے اندھیروں سے امید کی روشنی کی طرف ایک پرعزم سفر تھا، سب کچھ کھو جانے سے کچھ حاصل ہونے کا آغاز تھا، یہ عرصہ تخریب، انتشار اور فساد کے راستے سے تعمیر کی طرف پلٹنے اور معاشی تباہی سے نکل کر استحکام کی طرف لوٹ آنے کا سفر تھا۔ ان کا مزید کہنا ہے کہ مختصر ترین مدت کے لیے قائم ہماری منتخب مخلوط حکومت نے پاکستان کی تاریخ کے سب سے بڑے چیلنجوں اور مشکلات کا سامنا کیا، 15 ماہ میں چار سال کی بربادیوں کا ملبہ صاف کیا، پاکستان کے مفادات کی راہ میں بچھائی گئی بارودی سرنگیں صاف کیں اور اب آگے بڑھنے کا ایک ہی راستہ ہے کہ کشکول توڑ دیں، مقروض رہنا چھوڑ دیں محتاجی کی زنجیریں توڑ کر اپنے پیروں پر کھڑے ہو جائیں اس کا ہراول دستہ عوام کو بننا ہوگا۔ وزیراعظم نے کہا کہ سابق حکومت نے بڑے صنعتکاروں کو تین ارب ڈالر قرض دیا، یہ رقم تعلیم پر خرچ ہوتی تو آج پاکستان کو آئی ایم ایف کے پاس نہ جانا پڑتا، وطن دشمنوں کی سازشوں اور شدید معاشی مشکلات کے باوجود آئی ایم ایف کا پروگرام بحال کیا گیا جس کے بعد اب پاکستان کے دیوالیہ ہونے کا خطرہ اور ان کی ناپاک خواہش دونوں مٹی میں مل چکی ہیں۔ انہوں نے دعویٰ کیا اتحادی حکومت نے ریاست بچانے کے لیے اپنی سیاست کی قربانی دی، ووٹ بینک کی فکر نہیں بلکہ سٹیٹ بینک) کے ذخائر میں اضافے (کی فکر ضرور کی، پاکستان کو اپنے پاں پر کھڑا کرنے کے عظیم مقصد کے حصول کے لیے معاشی بحالی کا ایک جامع قومی پلان تیار کر لیا گیا ہے، اسی طرح اب پوری قوم یکسو ہے کہ قرض کی زندگی نامنظور ہے، قوم کو ایک بار پھر معاشی مشکلات سے نجات دلائیں گے، روزگار فراہم کریں گے۔ انہوں نے درست کہا قرض لیتے لیتے ہم نہ صرف اس کے عادی ہو چکے ہیں بلکہ اپنی ساکھ اور وقار کو بھی بے پناہ مجروح کر چکے ہیں، اپنا کھویا ہوا مقام واپس حاصل کرنا ہے، اس کے سوا کوئی دوسرا راستہ نہیں۔ اپنی مختصر دورانیے کی حکومت کی کارکردگی پر بات کرتے ہوئے انہوں نے توجہ دلائی سپیشل انویسٹمنٹ کونسل زور شور سے اپنا کام شروع کر چکی ہے، زراعت، صنعت، معدنیات، توانائی، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور دفاعی پیداوار میں خلیجی ممالک سے بڑی سرمایہ کاری کی راہیں ہموار ہو رہی ہیں، کاروباری افراد اور سرمایہ داروں کا اعتماد آہستہ آہستہ بحال ہو رہا ہے، عالمی ریٹنگ ایجنسی فچ نے پاکستان کی ریٹنگ بہتر کر دی ہے، اقوام متحدہ کی انسانی حقوق کونسل کی طرف سے ملک میں انسانی حقوق کی صورتحال بہتر ہونے کی گواہی آ چکی ہے، عالمی فریڈم انڈیکس میں بھی سات درجے بہتری آئی ہے، آئی ایم ایف معاہدے کے فوراً بعد کاروباری ہفتے کے پہلے روز سٹاک مارکیٹ میں سرمایہ کاروں نے حکومتی اقدامات پر بھرپور اعتماد کا اظہار کیا اور کے ایس ای ہنڈرڈ انڈیکس میں دو ہزار چار سو سے زائد پوائنٹس کا اضافہ ہوا جو پاکستان کی تاریخ میں ایک دن میں ہونے والا سب سے بڑا اضافہ ہے، روپے کی قدر میں بھی بتدریج اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے، مشکل معاشی حالات کے باوجود 11 سو ارب روپے کا تاریخی ترقیاتی بجٹ، زراعت کی بہتری کے لیے دو ہزار ارب روپے کا کسان پیکیج، زرعی ٹیوب ویلوں کی شمسی توانائی پر منتقلی، 80 ارب کا نوجوانوں کے لیے پروگرام کے علاوہ زراعت، صنعت اور آئی ٹی سمیت دیگر شعبوں میں بلاسود اور رعایتی قرض دینے کے علاوہ ذہین طلبا کو لیپ ٹاپ دینے کے علاوہ تعلیمی وظائف کی فراہمی، خواتین کو بااختیار بنانے، شہدا کے خاندانوں کے لیے خصوصی وظائف، ملک بھر کی تعلیمی درس گاہوں، انفراسٹرکچر کے منصوبہ جات کی تیز ترین تکمیل اور نئے منصوبوں کا آغاز پاکستان کی معاشی بحالی کے سفر کی چند جھلکیاں ہیں۔ وزیراعظم کے اس اعلان کے بعد نگران حکومت کے قیام سے متعلق گزشتہ کئی ہفتوں سے جاری، افواہوں اور قیاس آرائیوں کا خاتمہ ہو جانا چاہئے۔ یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ معاشی حالات میں بہتری کے اشارے ملنا شروع ہو چکے ہیں، آئی ایم ایف معاہدے کے بعد آئندہ نو ماہ تک بظاہر کوئی معاشی مشکل درپیش نہیں، وزیراعظم نے قوم کو نہ صرف مستقبل کا واضح روڈ میپ دے دیا ہے بلکہ خرابیوں کی نشاندہی بھی کر دی ہے، ان کا سب سے زیادہ زور اسی بات پر نظر آ رہا تھا کہ قوم کو مقروض زندگی اب منظور نہیں ہونی چاہئے۔ گزشتہ چند روز کے دوران انہوں نے مختلف مواقع پر بار بار اس شرمندگی کا بھی ذکر کیا جو دوسری اقوام کے سامنے ہاتھ پھیلاتے وقت انہیں اٹھانا پڑی ہے، پوری قوم کو بھی اسے محسوس کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ آئی ایم ایف کی سخت ترین شرائط میں سے ایک شرط ایکسٹرنل فنانسنگ کی تھی جسے چین، سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات نے مل کر یقینی بنایا۔ سعودی عرب نے پاکستان کی ہر مشکل وقت میں مدد کی ہے۔ سوال یہ ہے کہ آخر کب تک ہم یونہی کشکول اٹھائے۔

گلابی نمک، پاکستان کے غیر ملکی قرضے اتار سکتا ہے.....

ایک دوست کے توسط سے مجھے یہ جان کر خوشی ہوئی کہ پاکستان میں گلابی نمک کے بڑے ذخائر ہیں جن کی سالانہ آمدنی 12 ارب ڈالر ہے، اس حوالے سے ملک کے پاس تقریباً 22 ارب ٹن قدرتی وسائل موجود ہیں، جو زیادہ تر کالا باغ، ورچہ کھیوڑہ اور بہادر خیل کی سالٹ رینج کے علاقوں میں ہیں، افسوسناک امر یہ ہے کہ تقسیم ہند کے بعد بھی 60 سال تک بھارت دنیا کا بہترین معدنی نمک، پاکستان سے کوڑیوں کے مول خرید کر پروسیسنگ کے بعد اسے ہمالیائی گلابی نمک کا نام دے کر عالمی مارکیٹ سے اربوں ڈالر کماتا رہا

اسلم لودھی

ہے۔ جس کا عقدہ ابھی چند برس قبل کھلنے پر پاکستان نے بھارت کو گلابی نمک کی فروخت روک دی۔ ایک حالیہ میڈیا رپورٹ کے مطابق واشنگٹن میں امریکی تجارتی وفد نے پاکستان کے سفیر سے ملاقات کر کے کھیوڑہ سے نمک نکالنے، اس کی پروسیسنگ اور عالمی سطح پر تقسیم میں 20 کروڑ ڈالر سرمایہ کاری کی پیشکش کی ہے، اس سے ہمارے حکمرانوں کو اور نہیں تو کم از کم قدرت کی عطا کردہ اس بے بہا نعمت کی قدر و قیمت کا تو اندازہ کر لینا چاہیئے، جس کا فائدہ 60 سال ہمارے ازلی دشمن بھارت نے اٹھایا ہے۔ حیرت کا مقام تو یہ ہے کہ اس حوالے سے جیوفزیکل انڈیکیشنز) جی آئی (قوانین تاخیر سے بنے، جس کا مقصد اپنے حقوق دنیا پر واضح کرتے ہوئے ان کی حفاظت کرنا ہے۔ گلابی نمک کے ذخائر پاکستان میں ضلع جہلم سے کوہاٹ کے درمیانی پہاڑی سلسلے میں کم و بیش تین سو کلومیٹر کے رقبے پر پھیلے ہوئے ہیں، جن کے حجم کا کوئی اندازہ نہیں لگایا جا سکتا۔ اس ضمن میں متذکرہ سرمایہ کاری اپنی جگہ اہم ہے، لیکن کیا ہی بہتر ہوا گر کسی امریکی کی بجائے گلابی نمک کا کنٹریکٹ، بحریہ ٹاؤن کے ملک ریاض، میاں محمد منشا اور ان جیسے اور محب وطن پاکستانی سرمایہ کاروں کو یہاں سرمایہ کاری کی سہولت فراہم کی جائے تاکہ اس کا تمام تر فائدہ وطن عزیز کو ہو۔ ڈالروں کو نادیدہ نگاہوں سے دیکھنا اب چھوڑ دیں اور معدنی وسائل کو بروئے کار لا کر وطن میں بسنے والوں کے لیے آسانیاں پیدا کریں۔ یہاں یہ عرض کرتا چلوں کہ قدرت نے ہمارے ملک کو قیمتی معدنی وسائل سے مالا مال رکھا ہے لیکن کسی دور حکومت میں بھی اپنے قیمتی معدنی وسائل سے استفادے کی سنجیدہ کوشش نہیں کی گئی۔ حالیہ ماہ و سال میں پاک چین اقتصادی راہداری امید کی ایک کرن ہے خدا پاکستانی حکمرانوں کو مکمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ عمران خان تو اس اہم ترین منصوبے کو لپیٹ کے رکھ چکے تھے۔ پاکستان کو موجودہ بدترین حالات سے نکلنے اور تجارتی خسارہ ختم کرنے کے لیے ایسے منصوبوں پر خاص توجہ کی بے حد ضرورت ہے، جس کے نتیجے میں برآمدات میں اضافہ ہو اور قیمتی زر مبادلہ کمایا جا سکے۔ قدرت نے وطن عزیز کو کیسی بے نظیر، نایاب، شاندار اور بیش بہا قیمتی نعمتوں سے مالا مال کر رکھا ہے، انسان اس پر غور کرے تو حیران و ششدر رہ جاتا ہے۔ کہیں کوئلے کے بے پناہ معدنی ذخائر موجود ہیں جسے بلیک گولڈ کا نام دیا گیا تھا تو کہیں پر سونے کے پہاڑوں سے رب تعالیٰ کی ذات کریم نے اس دھرتی کو سجا رکھا ہے۔ اس پاک دھرتی میں سے کہیں تیل اور گیس کے ذخائر دریافت ہو رہے ہیں۔ ابھی چند ہفتے پہلے کی بات ہے کہ صوبہ خیبر پختونخوا کے علاقے لکی مروت کے نواح میں تیل اور گیس کا بڑا ذخیرہ دریافت ہوا جس کے بارے میں یہ کہا جا رہا ہے کہ اس کنویں سے پاکستان کی ضرورتوں کا ایک تہائی حصہ پورا کیا جا سکے گا۔ کوہاٹ کے نواح میں بھی ایسا ہی تیل اور گیس کا بڑا کنواں ملنے کی خوشخبری مل چکی ہے۔ کوہ سلیمان سے بھی ایسی ہی خبریں سننے میں آ رہی ہیں۔ گلگت بلتستان کی سرزمین سے بھی انتہائی قیمتی دھاتوں کے بارے اہم ترین خبریں یوٹیوب پر دیکھنے اور سننے کو مل رہی تھیں جبکہ بلوچستان کے صحرائی اور پہاڑی علاقے) جہاں ہمارے حکمران جاتے ہوئے بھی ڈرتے ہیں (قیمتی معدنی وسائل سے مالا مال ہیں لیکن قیمتی معدنی دولت نکالنے کی جانب توجہ نہیں دی جا رہی کہ غیر ملکی قرضوں کی دلدل میں ایسے جکڑے ہوئے ہیں کہ قرضے اتارنے کے لئے بھی ہمیں اپنی غیرت اور آزادی قربان کرنی پڑ رہی ہے۔ بہرکیف گلابی سونا یعنی کھیوڑہ کی کان کو جنوبی ایشیا میں قدیم ترین اور دنیا میں خوردنی نمک کا دوسرا بڑا ذخیرہ قرار دیا جاتا ہے جبکہ اس عظیم ذخیرے کی یہ کان زیر زمین 110 کلومیٹر دور تک پھیلی ہوئی ہے اس میں 19 منزلیں بنائی گئی ہیں جن میں گیارہ منزلیں زیر زمین ہیں۔ اس ذخیرے کی بلندی 2200 فٹ سے 4490 فٹ تک ہے۔ یہاں سے نمک نکالتے وقت 50 فی صد نمک نکالا جاتا ہے جبکہ 50 فی صد بطور ستون اور دیواروں میں باقی رکھا جاتا ہے۔ اس کان میں سے سالانہ 370000 ٹن نمک حاصل ہو رہا ہے۔ یوں تو کھیوڑہ میں موجود نمک کی ان کانوں کی دریافت کے حوالے سے بہت دلچسپ داستانیں اور روایات ملتی ہیں۔ لیکن ایک روایت ایسی ہے، جس پر سب سے زیادہ اتفاق پایا جاتا ہے وہ یہ ہے کہ کھیوڑہ میں نمک کی دریافت 222 ق م میں اس وقت ہوئی، جب دریائے جہلم کے کنارے سکندر اعظم اور راجا پورس کے درمیان جنگ لڑی گئی۔ سکندر اعظم کی فوج کی کھیوڑہ کے پتھروں میں دلچسپی کے سبب اس مقام پر نمک کی موجودگی کا انکشاف ہوا تھا۔ گیارھویں صدی عیسوی میں محمود غزنوی نے ہندو فوج کو شکست فاش سے دوچار کیا تو یہاں جنجوعہ خاندان کو حکمران بنا دیا۔ تب یہ نمک کا خزانہ بھی ان کے دائرہ اختیار میں دے دیا، جبکہ مغلیہ دور حکومت میں یہ کانیں شاہی خاندان کی تحویل میں رہیں۔ تاریخ پر لکھی گئی معروف کتاب آئین اکبری میں یہاں سے حاصل کیے جانے والے نمک کو باہر کے ممالک کو برآمد کرنے کا حوالہ بھی ملتا ہے۔ پاکستان پر کل قرضہ تقریباً 100 ارب ڈالر ہے۔ بھارت، پاکستانی نمک بیچ کر سالانہ 129 ارب ڈالر کما چکا ہے۔ اس وقت پاکستان کو اپنا زر مبادلہ زیادہ کرنے کی ضرورت ہے۔ اگر میں یہ کہوں کہ یہ نمک نہیں، سونا ہے تو غلط بات نہ ہوگی۔ جیسے عربوں کو اللہ تعالیٰ نے تیل کی دولت سے نوازا ہے اور وہ زمین سے آسمان پہنچ گئے، اسی طرح قدرت نے وطن عزیز پاکستان کو گلابی نمک کی بیش قیمت دولت عطا کی ہے۔ اگر کوئی اس جانب توجہ دے تو مجھے یقین ہے کہ دنیا کے تمام خوشحال ممالک پاکستان کے قدموں میں گر سکتے ہیں، ان کی ڈیمانڈ ایک ہی ہوگی کہ ہم اربوں ڈالر دیتے ہیں آپ ہمیں گلابی نمک فروخت کر دیں۔ چند سال پہلے ہمارا ازلی دشمن بھارت پاکستان سے 35 پیسے فی کلو کے حساب سے کھیوڑہ کا گلابی نمک لے رہا تھا اور آگے 19 یورو (3373 روپے) فی کلو کے حساب سے دوسرے ملکوں کو فروخت کر رہا تھا۔ کھیوڑہ کے مقام سے نکلنے والا یہ گلابی نمک، دیگر معدنیات اور تیل کے ذخائر سے بھی زیادہ قیمتی ہے۔ جسے دنیا میں موجود مختلف ممالک کو فروخت کر کے پاکستان ایک سال کے اندر اپنے ذمہ واجب الادا تمام غیر ملکی قرضے آسانی سے اتار سکتا ہے۔

عنوان: سنا ہے بہت سستا ہے خون وہاں کا

یہ کہانی ہے آسمانوں کو چھوتے برف پوش پہاڑوں کے درمیان واقع ضلع کرم کے خوبصورت ترین شہر پاڑاچنار کی۔ ذات باری تعالیٰ نے اس شہر کو لازوال خوبصورتی اور انگنت نعمتوں سے نوازا ہے۔ چاروں طرف خوبصورت پہاڑ اور پہاڑوں کے بیچ و بیچ سرسبز و شاداب دل و دماغ کو مسحور کر دینے والے باغات۔ جن پر لگے

از قلم: عمارہ شوکت

موسمی پھل اور خشک میوہ جات انسان کو نہ صرف صحت و توانا رکھتے ہیں بلکہ اسکے دل و دماغ کو بھی تازگی بخشتے ہیں۔ پاڑاچنار سے میری محبت تب شروع ہوئی جب میں ملازمت کے سلسلہ میں تقریباً دو سال وہاں مقیم رہی۔ اس دوران وہاں کے مقامی لوگوں نے اپنی مہمان نوازی سے تو میرا دل جیت ہی لیا تھا لیکن دوسری طرف میں اس چھوٹے سے شہر کی خوبصورتی مجھے مبہوت کر گئی تھی۔ اور میں افسردہ دل کے ساتھ سوچ میں پڑ گئی تھی کہ اگر اس علاقے کے مقامی لوگ اور سرکار اس علاقے کی ترقی و خوشحالی اور بحالی کی طرف توجہ دے یقیناً یہ علاقہ دنیا کے خوبصورت ترین سیاحتی مقامات میں سے ایک مقام بن جائے اور اس سے نہ صرف اس علاقے کی معاشی پسماندگی دور ہوگی بلکہ سرکار کو اپنے پیارے وطن کی معاشی ترقی میں بھی مدد ملے گی جس سے ہمارے پیارے ملک کی عزت و تکریم میں اضافہ بھی ہوگا۔ لیکن یہ سب باتیں میں صرف سوچ ہی سکتی تھی کیونکہ پاڑاچنار تو آج کے ترقی یافتہ دور میں بھی زندگی کی بنیادی ضروریات و سہولیات مثلاً بجلی، گیس، تعلیم انٹرنیٹ وغیرہ سے محروم ہے۔ یہاں کے طلبا اعلیٰ تعلیم کے لیے بڑے شہروں کا رخ کرتے ہیں۔ نہ صرف یہ بلکہ پاڑاچنار کو آئے روز دہشت گردی جیسے مسائل کا بھی سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ ان واقعات نے عوام کا جینا دوبھر کر رکھا ہے۔ تفرقہ بازی جیسے گھناؤنے فعل کو بنیاد بنا کر کبھی عام عوام کو نشانہ بنایا جاتا ہے تو کبھی اسکول جیسی مقدس جگہ میں گھس کر معصوم اساتذہ کو دن دہاڑے سرعام گولیاں مار کر شہید کر دیا جاتا ہے۔

کہانی یہیں ختم نہیں ہوتی بلکہ حال ہی میں دہشت گردی کے مزید ہولناک واقعات ہوئے ہیں۔ جن میں مختلف مقامی گروپوں کی آپس میں چپقلش اتنی سنگین صورتحال اختیار کر گئی کہ علاقے میں خانہ جنگی کا ماحول پیدا ہو گیا۔ گزشتہ کئی روز سے جاری اس جنگ نے نہ صرف ضلع کرم کے علاقے پاڑاچنار کو نقصان پہنچایا بلکہ اس سے ملحقہ علاقوں جن میں صدہ، بوشہرہ، ڈنڈر، پیواڑ، ہنگو، بالشخیل، مہمند ایجنسی، کوہاٹ اور آس پاس کے کئی قبائل کو اپنی زد میں لے لیا۔ کئی روز سے جاری اس جنگ میں علاقہ مکینوں کی کافی بڑی تعداد نے حصہ لیا جس کی وجہ سے ناقابل تلافی جانی و مالی نقصان بھی ہوا۔ اب آخر کار علاقے کے بڑے مشیروں کی بدولت جنگ بندی کا اعلان کر دیا گیا۔ لیکن افسوس ناک بات یہ ہے کہ ان سب واقعات کا حکومت کی جانب سے کوئی نوٹس نہیں لیا گیا۔ کافی بڑی تعداد میں لوگ موت کے گھاٹ اتار دیے گئے لیکن حکومت کے کان پہ جوں تک نہ رینگی۔ ان سب واقعات کا ذمہ داران آخر کون ہیں؟ آخر میں بس حکومت سے یہ ہی درخواست کرنا چاہوں گی کہ پاڑاچنار میں ہونے والی جھڑپوں کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اور ذمہ داران کو کٹہرے میں لا کر کھڑا کیا جائے۔ اس خطے کو ایک بار پھر جنگ اور فرقہ وارانہ کشیدگی و فسادات کی طرف دھکیلا جا رہا ہے۔ دہشت گردوں کے خلاف جنگ میں پاک فوج اور شہریوں کی لازوال قربانیوں کے بعد امن و امان بحال ہوا تھا جسے شر پسند عناصر ایک بار پھر سے تباہی کے دہانے پر کھڑا کرنے پر تلے ہوئے ہیں۔ حکومت سے گزارش ہے کہ خدارا اس علاقے میں امن و امان کی صورتحال کو یقینی بنایا جائے اور عوام سے اپیل ہے کہ اپنے علاقے کو امن کا گہوارہ بنانے کی بھرپور کوشش جاری رکھیں۔

یہ خون کوئی سستا تو نہیں
جنگیں بھی کوئی رستہ تو نہیں
یوں جنگ میں کوئی بستا بھی نہیں
جو لگے امن سے بہتر نہ،
اس آگ کو روشن مت کرنا

پی کے فائیو فائیو فور: جے ہند اور اللہ اکبر

پرواز کے بیس منٹ بعد دراز قد جوان کاک پٹ کی جانب بڑھا، ایئر ہوسٹس نے بڑے ادب سے کہا تھا۔ سر آپ تشریف رکھیں، کاک پٹ میں جانے کی اجازت نہیں، مگر خوبرو فضائی مہمان کو جواب دینے کے بجائے یہ نوجوان دھکا دیتے ہوئے کاک پٹ میں گھس گیا۔ ایئر ہوسٹس جو گرتے گرتے سنبھلی تھی، اس کی اوپر کی سانس اوپر اور نیچے

فضل حسین اعوان

کی نیچے رہ گئی۔ اسے یہ سانسیں بھی آخری لگ رہی تھیں، ایک لمحے میں اس کا چہرہ خوف کے پسینے سے شرابور ہوا اور سرخ و سفید سے زرد پڑ گیا۔ نوجوان نے کاک پٹ میں داخل ہوتے ہی پسٹل نکال کر پائلٹ کی کن پٹی پر رکھ دیا۔ اسی دوران اس دہشت گرد کے دو ساتھی بھی اٹھ کھڑے ہوئے اور پسٹل مسافروں پر تان لئے۔ پی آئی اے فوکر 27 تربت ایئرپورٹ سے اڑا، گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے مزید مسافروں کو لے کر کراچی روانہ ہوا۔ اس میں 33 مسافر اور عملہ کے پانچ افراد سوار تھے۔ اسے ساڑھے چھ بجے کراچی پہنچنا تھا، مگر اب اس کی منزل کا فیصلہ ہائی جیکروں نے کرنا تھا۔

دہشت گرد کی انگلی ٹریگر پر تھی، اس نے کیپٹن عزیر کو حکم دیا۔ جہاز کراچی نہیں، انڈیا دہلی ایئرپورٹ لے جائے۔ دہشت گرد نے کیپٹن کو انڈیا سول ایوی ایشن سے رابطہ کر کے اترنے کی اجازت مانگنے کو کہا۔ کیپٹن عزیر نے ایسا ہی کیا اور ساتھ ہی جہاز کی سمت بھی بدل دی۔ اسی لمحے ایئر ہیڈ کوارٹر کو بھی خبر ہوگئی اور آناً فاناً دو فائٹر جیٹ ایف 16 فضا میں بلند ہو گئے۔ کیپٹن عزیر دہشت گردوں کے اناڑی پن کو بھانپ گئے تھے۔ دہشت گرد کے کہنے پر کیپٹن عزیر نے دہلی ایئرپورٹ سے رابطہ کیا۔ وہ دراصل اپنے ملک میں ہی ہیڈ کوارٹر کے ساتھ رابطے میں تھے جبکہ دہشت گردوں کو باور کرایا جا رہا تھا کہ دہلی ایئرپورٹ سے رابطہ ہے۔ ہیڈ کوارٹر میں حکام کی ارجنٹ میٹنگ میں ایکشن پلان بنایا گیا، ایکشن پلان میں فیصلہ یہ ہوا کہ فوکر کو حیدر آباد سندھ ایئرپورٹ پر اتارا جائے۔

کیپٹن عزیر نے دہشت گردوں کو بتایا کہ ہمارے پاس کافی ایندھن نہیں ہے جو ہمیں دہلی لے جا سکے، ہمیں قریبی ایئرپورٹ سے ایندھن اور خوراک لینا پڑے گی۔ ہائی جیکر ہر صورت جہاز دہلی لے جانا چاہتے تھے۔ ان کے پاس نقشہ تھا۔ وہ نقشہ دیکھتے ہوئے بھوج ایئرپورٹ کا ذکر کر رہے تھے۔ ان کی باتیں سن کر کیپٹن نے کہا کہ انڈیا کا بھوج ایئرپورٹ قریب پڑتا ہے۔ دہشت گردوں نے اس تجویز سے اتفاق کیا۔ اب اگلا مرحلہ تھا بھوج ایئرپورٹ رابطہ کر کے اترنے کی اجازت کا تھا۔ کیپٹن عزیر نے وہاں رابطہ کرتے ہوئے بتایا کہ ہائی جیکر بھوج ایئرپورٹ پر اترنا چاہتے ہیں۔ جواب میں ٹھیٹھ ہندی میں ایئرپورٹ آفیسر نے کال ہینڈل کرنا شروع کر دی۔ دہشت گردوں نے اسے بتایا کہ وہ بلوچستان سے تعلق رکھتے ہیں وہ حکومت پاکستان کے انڈیا کے مقابلہ میں نیوکلیئر تجربے کرنے کے خلاف ہیں اور اس ہائی جیک سے وہ پاکستانی حکومت پر دباؤ ڈالنا چاہتے ہیں کہ وہ ایٹمی تجربہ نہ کرے۔ تھوڑے انتظار کے بعد دوسری طرف بتایا گیا کہ پردھان منتری نے ان کو بھوج ایئرپورٹ پر لینڈ کرنے کی اجازت دے دی ہے جس پر خوشی سے ہائی جیکروں نے جے ہند اور جے ماتا کی جے کے نعرے لگائے۔ یہ سب کچھ حیدر آباد ایئرپورٹ کے اردگرد فضا میں ہو رہا تھا۔ ہنگامی طور پر حیدر آباد ایئرپورٹ سے تمام جہاز ہٹا دیئے گئے۔ پولیس فورس نے ایئرپورٹ کی جانب جانے والے تمام راستے بند کر دیئے۔ ایس ایس جی کمانڈوز، پولیس اور رینجرز مستعد کھڑے تھے، افسروں کی نگاہیں سکرین پر تھیں۔

SHOWBIZ شوبز

خدا کی ذات نے ہر چہرے کو خوبصورت بنایا ہے‘ سجل علی

انسان اندر سے کتنا خوبصورت ہے یہ بہت اہمیت کا حامل ہے‘ انٹرویو

لاہور (شوبز نیوز) خوبرو اداکارہ سجل علی نے کہا ہے کہ خدا کی ذات نے انسان کو سب سے خوبصورت اور بہترین مخلوق کے طور پر پیدا کیا ہے، خدا کی ذات نے ہر چہرے کو خوبصورت بنایا ہے۔ ایک انٹرویو میں سجل علی نے کہا کہ سب چہرے خدا کی ذات نے بنائے ہیں اور سب ہی خوبصورت ہیں، اصل میں انسان اندر سے کتنا خوبصورت ہے یہ بہت اہمیت کا حامل ہے، آپ بہت خوبصورت ہوں لیکن آپ کی وجہ سے لوگوں دکھی ہیں تو آپ کی خوبصورتی کوئی معنی نہیں رکھتی۔ انہوں نے کہا کہ میری کوشش ہوتی ہے۔

علی ظفر نے گاتے ہوئے فائرنگ کرنیوالے گلوکار کی ویڈیو شیئر کردی

علی ظفر کی جانب سے شیئر کی گئی گلوکار کے گانے کی ویڈیو کئی سال پرانی ہے

لاہور (شوبز نیوز) پاکستان کے معروف گلوکار علی ظفر نے روایتی گانا گانے والے ایک مقامی گلوکار کے گانے کی ویڈیو شیئر کرتے ہوئے مداحوں کو چیلنج کر دیا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر علی ظفر نے ایک ویڈیو شیئر کی ہے جس میں گلوکار کو گانا گاتے فائرنگ کرتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے۔ علی ظفر نے ویڈیو کے کیپشن میں لکھا کہ ہمت ہے تو گلوکار کو ٹیگ کریں اور گانے کے انداز پر تنقید کر کے دکھائیں۔ گلوکار کی جانب سے ویڈیو شیئر کرنے کے بعد مداحوں کی جانب سے دلچسپ تبصروں کا سلسلہ جاری ہے۔ خیال رہے کہ علی ظفر کی جانب سے شیئر کی گئی گلوکار کے گانے کی ویڈیو کئی سال پرانی ہے جو مختلف اوقات میں سوشل میڈیا پر وائرل ہوتی رہتی ہے۔ پاکستان کے معروف گلوکار علی ظفر نے روایتی گانا گانے والے ایک مقامی گلوکار کے گانے کی ویڈیو شیئر کرتے ہوئے مداحوں کو چیلنج کر دیا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر علی ظفر نے ایک ویڈیو شیئر کی ہے جس میں گلوکار کو گانا گاتے فائرنگ کرتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے۔ علی ظفر نے ویڈیو کے کیپشن میں لکھا کہ ہمت ہے تو گلوکار کو ٹیگ کریں اور گانے کے انداز پر تنقید کر کے دکھائیں۔ گلوکار کی جانب سے ویڈیو شیئر کرنے کے بعد مداحوں کی جانب سے دلچسپ تبصروں کا سلسلہ جاری ہے۔ خیال رہے کہ علی ظفر کی جانب سے شیئر کی گئی گلوکار کے گانے کی ویڈیو کئی سال پرانی ہے۔

کل کسی نے نہیں دیکھی، انسان کو اپنا آج بہتر کرنا چاہیے‘ رابی پیرزادہ

حقوق العباد کی سختی سے پوچھ گچھ ہونی ہے، اللہ کی مخلوق کے دکھ درد کو بانٹنا چاہیے

لاہور (شوبز نیوز) شوبز کو خیر باد کہنے والی رابی پیرزادہ نے کہا ہے کہ انسان کو چاہیے کہ وہ کل کی بجائے اپنا آج بہتر کرے، کل کسی نے نہیں دیکھی جو بھی اچھے کام کر سکتے ہیں وہ آج کر لینے چاہئیں کل زندگی مہلت دے یا نہ دے اس کا کسی کو نہیں پتہ۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے رابی پیرزادہ نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کی توفیق سے دل میں ہدایت اترتی ہے، بعض لوگ ہیں جو ہدایت ملنے کے بعد سیدھے راستے کا چناؤ کر لیتے ہیں اور اس پر کاربند رہتے ہیں لیکن بعض ایسے ہیں جو سیدھے راستے پر چلنے کے بعد دوبارہ بھٹک جاتے ہیں۔

میرا اداکارہ نیلم منیر کیساتھ بلاوجہ سکینڈل بنایا جاتا ہے‘ احسن خان

میں نے اور بھی اداکاراؤں کے ساتھ کام کیا ہے، اپنے کام پر توجہ دیتا ہوں‘ گفتگو

لاہور (شوبز نیوز) نامور اداکار احسن خان نے کہا ہے کہ میرا اداکارہ نیلم منیر کے ساتھ بلاوجہ سکینڈل بنایا جاتا ہے، یوٹیوب چینلز اپنی ریٹنگ کیلئے اس طرح کے بے بنیاد سکینڈل بناتے ہیں، میں شادی شدہ زندگی گزار رہا ہوں اور میری شادی کو ایک عرصہ گزر چکا ہے۔ اپنے ایک بیان میں احسن خان نے کہا کہ میں نے نیلم منیر کے ساتھ دو فلمیں اور تین کے قریب ڈرامہ سیریلز کی ہیں، میری ان سے کیمسٹری ملتی ہے اور کچھ نہیں ہے، میں نے اور بھی بے شمار اداکاراؤں کے ساتھ کام کیا ہے لیکن مجھے خصوصی طور پر نیلم منیر سے منسوب کیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میری کوشش ہوتی ہے۔

معروف برطانوی اداکارہ وگلوکارہ جین برکن 76 برس کی عمر میں چل بسیں

لندن (شوبز نیوز) برطانیہ کی معروف گلوکارہ اور اداکارہ جین برکن 76 برس کی عمر میں انتقال کر گئیں۔ فرانسیسی میڈیا کے مطابق گلوکارہ اپنے کمرے میں مردہ پائی گئی ہیں اور 2021 سے وہ عارضہ قلب میں مبتلا تھیں، جین برکن برطانیہ میں پیدا ہونے کے باوجود فرنچ زبان میں گاتی تھیں اور فرانس میں انہیں ایک فیشن آئیکون سمجھا جاتا تھا۔ 1960 میں برٹش میوزک کمپوزر سے علیحدگی کے بعد وہ فرانس منتقل ہو گئی تھیں اور انہوں نے گلوکاری کے ساتھ متعدد فلموں میں اداکاری کے جوہر بھی دکھائے۔ جین برکن کا فرانس کے سپر اسٹار گینز بورج کے ساتھ افیئر بھی بہت مشہور ہوا تھا۔

اشنا شاہ کا آئی فون 15 کی قیمت پر کیا گیا دلچسپ تبصرہ

امریکی موبائل کمپنی ایپل آئی فون ہمیشہ سے ہی لوگوں کو اپنی جانب متوجہ کرتا ہے

لاہور (شوبز نیوز) آئی فون 15 کی قیمت جان کر اداکارہ اشنا شاہ کی جانب سے کیا گیا دلچسپ تبصرہ سوشل میڈیا پر وائرل ہے۔ امریکی موبائل کمپنی ایپل آئی فون ہمیشہ سے ہی لوگوں کو اپنی جانب متوجہ کرتا ہے اس کے فیچرز، موبائل کا ڈھانچہ اور کیمرے کا زبردست معیار سب سے زیادہ پسند کیے جانے کی وجہ ہے جب کہ فون کی سکیورٹی سے بھی لوگ مطمئن ہوتے ہیں۔ پاکستان میں آئی فون 15 کی قیمت تقریباً 4 لاکھ کے قریب ہے جو مختلف رنگوں میں دستیاب ہوگا اور اس کا افتتاح تقریباً دو ماہ بعد ہوگا۔

اداکار فیروز خان نے بچوں سے دوری کا ذمہ دار خود کو ٹھہرا دیا

فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام کا رخ کرتے ہوئے اداکار نے ایک ویڈیو کلپ شیئر کیا

لاہور (شوبز نیوز) اداکار فیروز خان نے بچوں سے دوری کا ذمہ دار خود کو ٹھہرا دیا۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان شوبز انڈسٹری کی جانی مانی شخصیت فیروز خان نے بچوں سے ملاقات کے ویڈیو جاری کر دی۔ فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام کا رخ کرتے ہوئے اداکار نے ایک ویڈیو کلپ شیئر کیا جس میں انہیں اپنے دونوں بچوں کے ساتھ قیمتی لمحات گزارتے دیکھا جا سکتا ہے۔ ویڈیو میں فیروز خان اپنی بیٹی فاطمہ کو گود میں لیے ایک کرسی پر بیٹھے ہیں جب کہ بیٹا سلطان ساتھ ہی کھڑا کیمرے کے سامنے مسکرا رہا ہے۔ فیروز خان نے ویڈیو کے کیپشن میں لکھا کہ "اس ساری افراتفری اور مسائل نے ہمیں اس پنجرے میں لا کر رکھ دیا ہے جہاں اب ہم ملاقات کے بہانے چھوٹی چھوٹی پارٹی کرتے ہیں"۔ اداکار نے ان سب معاملے میں خود کو قصوروار ٹھہراتے ہوئے لکھا کہ "میں قصوروار ہوں"، مداح اس ویڈیو کے بعد فیروز خان کو دعائیں دے رہے ہیں، ایک صارف نے تبصرہ کرتے ہوئے لکھا کہ اللہ آپکو مزید ہمت دے۔ واضح رہے کہ فیروز خان اپنی سابقہ اہلیہ علیزے سلطان سے علیحدگی کے بعد اکثر موضوع بحث رہتے ہیں۔

SPORTS سپورٹس

ایمرجنگ ایشیا کپ: پاکستان شاہینز اپنا دوسرا میچ کل کھیلے گی

پاکستان شاہینز اپنے پہلے میچ میں نیپال کو 4 وکٹوں سے شکست دے چکی ہے

کولمبو (سپورٹس نیوز) پاکستان شاہینز اے سی سی مینز ایمرجنگ ایشیا کپ میں اپنا دوسرا میچ 17 جولائی) کل (کو متحدہ عرب امارات اے کے خلاف کھیلے گی۔ سری لنکا میں جاری 50 اوورز فارمیٹ کے اس ٹورنامنٹ میں 8 ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں جنہیں دو گروپ میں رکھا گیا ہے۔ گروپ اے میں افغانستان اے، بنگلہ دیش اے، سری لنکا اے اور عمان اے جبکہ پاکستان شاہینز، بھارت اے، نیپال اور متحدہ عرب امارات اے کی ٹیمیں گروپ بی میں شامل ہیں۔ قومی ٹیم اپنا تیسرا اور آخری گروپ میچ 19 جولائی کو روایتی حریف بھارت اے کے خلاف کھیلے گی، ٹورنامنٹ کے سیمی فائنلز 21 جولائی جبکہ فائنل 23 جولائی کو کھیلا جائے گا۔ یاد رہے کہ پاکستان شاہینز اپنے پہلے میچ میں نیپال کو 4 وکٹوں سے شکست دے چکی ہے۔ سری لنکا میں جاری 50 اوورز فارمیٹ کے اس ٹورنامنٹ میں 8 ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں جنہیں دو گروپ میں رکھا گیا ہے۔ گروپ اے میں افغانستان اے، بنگلہ دیش اے، سری لنکا اے اور عمان اے جبکہ پاکستان شاہینز، بھارت اے، نیپال اور متحدہ عرب امارات اے کی ٹیمیں گروپ بی میں شامل ہیں۔ قومی ٹیم اپنا تیسرا اور آخری گروپ میچ 19 جولائی کو روایتی حریف بھارت اے کے خلاف کھیلے گی، ٹورنامنٹ کے سیمی فائنلز 21 جولائی جبکہ فائنل 23 جولائی کو کھیلا جائے گا۔ یاد رہے۔

سمرسیٹ نے دوسری بار وائٹلٹی ٹی 20 بلاسٹ کا ٹائٹل جیت لیا

ہدف کے تعاقب میں ایسیکس کی ٹیم 18.3 اوورز میں 131 رنز پر ڈھیر ہوگئی

برمنگھم (سپورٹس نیوز) سمرسیٹ نے انگلینڈ اینڈ ویلز کرکٹ بورڈ کے زیر اہتمام کھیلے جانے والے وائٹلٹی ٹی 20 بلاسٹ ٹورنامنٹ 2023 کا ٹائٹل جیت لیا۔ سمرسیٹ نے وائٹلٹی بلاسٹ 2023 کے فائنل میں ایسیکس کو 14 رنز سے شکست دے کر اپنا دوسرا ٹائٹل اپنے نام کیا، آخری بار سمرسیٹ نے T20 بلاسٹ میں جنوبی افریقہ کے سابق کپتان گریم سمتھ کی قیادت میں کامیابی حاصل کی تھی، جنہوں نے ناقابل شکست 64 رنز بنا کر اپنی ٹیم کو فتح سے ہمکنار کیا تھا۔ برمنگھم، ایجبسٹن میں کھیلے جانے والے ایونٹ کے فائنل میچ میں ایسیکس نے ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کا فیصلہ کیا جبکہ سمرسیٹ نے پہلے کھیلتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 145 رنز بنائے، سین ڈکسن نے 35 گیندوں پر 53 رنز کی شاندار اننگ کھیلی جبکہ دیگر بیٹرز میں کپتان ٹام ہیبنٹن 20 اور ٹام کوہلر کیڈمور 19 رنز کی اننگ کھیل سکے۔ ایسیکس کی جانب سے شین سنیٹر نے 13 رنز کے عوض تین کھلاڑیوں کو پویلین کی۔

گلوبل ٹی 20 کینیڈا کے تیسرے ایڈیشن میں 14 پاکستانی کھلاڑی ایکشن میں دکھائی دیں گے

راولپنڈی (سپورٹس نیوز) گلوبل ٹی 20 کینیڈا کے تیسرے ایڈیشن میں 14 پاکستانی کھلاڑی ایکشن میں دکھائی دیں گے، فرنچائز نے محمد رضوان، شاہد آفریدی، شعیب ملک اور افتخار احمد کو مارکی کھلاڑی کے طور پر منتخب کیا ہے۔ ٹورنامنٹ 20 جولائی سے بریمپٹن، اونٹاریو میں شروع ہوگا جس میں پاکستان سمیت مختلف ممالک کے کھلاڑی صلاحیتوں کے جوہر دکھائیں گے۔ ٹورنامنٹ کی چھ ٹیموں میں ٹورنٹو نیشنلز، وینکوور نائٹس، مونٹریال ٹائیگرز، بریمپٹن وولوز، سرے جیگوارز اور مسی ساگا پینتھرز شامل ہیں۔ پاکستان کے مایہ ناز وکٹ کیپر بیٹر محمد رضوان وینکوور نائٹس اور شاہد آفریدی ٹورنٹو نیشنلز کے مارکی پلیئر منتخب ہوئے ہیں جبکہ عبداللہ شفیق، زمان خان اور صائم ایوب بھی ٹورنٹو نیشنلز کا حصہ ہیں۔ سابق کپتان اور مایہ ناز آل راؤنڈر شعیب ملک مسی ساگا پینتھرز کے مارکی کھلاڑی منتخب ہوئے ہیں جبکہ شاہنواز دھانی اور اعظم خان بھی اسی ٹیم میں شامل ہیں، اسامہ میر، حسین طلعت اور عثمان خان بریمپٹن وولوز جبکہ عباس آفریدی مونٹریال ٹائیگرز کے سکواڈ میں شامل ہیں۔ سرے جیگوارز نے جارح مزاج بیٹر افتخار احمد۔

ایشیا کپ کے معاملات طے، شیڈول اور وینیوز کا اعلان کل متوقع

ذرائع کا کہنا ہے کہ ایشیا کپ سے متعلق معاملات کو حتمی شکل دے دی گئی ہے

دبئی (سپورٹس نیوز) پاکستان کی میزبانی میں ہونے والے ایشیا کپ سے متعلق معاملات کو حتمی شکل دے دی گئی۔ ذرائع کے مطابق ایشیا کپ سے متعلق دبئی میں ہونے والے اجلاس میں پاکستان کرکٹ بورڈ، ایشیا کرکٹ کونسل اور سری لنکا کرکٹ کے عہدیداروں نے شرکت کی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ایشیا کپ سے متعلق معاملات کو حتمی شکل دے دی گئی ہے، پاکستان میں میچز دو وینیوز پر کھیلے جانے کا امکان ہے، تفصیلات کا اعلان کل متوقع ہے۔ ذرائع کے مطابق دبئی میں ہونے والے اجلاس میں براڈ کاسٹنگ کے معاملات پر تفصیلی بات ہوئی۔

پاکستان کے مایہ ناز فاسٹ باؤلر شاہین شاہ آفریدی کی ٹیسٹ کرکٹ میں وکٹوں کی سنچری مکمل

راولپنڈی (سپورٹس نیوز) پاکستان کے مایہ ناز فاسٹ باؤلر شاہین شاہ آفریدی نے ٹیسٹ کرکٹ میں وکٹوں کی سنچری مکمل کر لی۔ انہوں نے یہ سنگ میل سری لنکا کے خلاف گال میں کھیلے جا رہے پہلے ٹیسٹ میچ میں عبور کیا۔ 23 سالہ آفریدی کیریئر کا 26 واں ٹیسٹ کھیل رہے ہیں اور انہوں نے سری لنکن اوپنر بیٹر نشان مدوشکا کو آؤٹ کر کے 100 ویں وکٹ حاصل کی۔

گال ٹیسٹ: سری لنکا کے 312 رنز، پاکستان کی آدھی ٹیم پویلین لوٹ گئی

ٹیسٹ میچ میں سری لنکن کپتان دیموتھ کرونارتنے نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا تھا

گال (سپورٹس نیوز) پاکستان اور سری لنکا کے درمیان کھیلے جا رہے گال ٹیسٹ کے دوسرے روز سری لنکا کے 312 رنز کے جواب میں پاکستان کی بیٹنگ جاری ہے۔ کھیل کے دوسرے روز سری لنکن ٹیم 312 رنز پر ڈھیر ہوگئی تھی جس کے جواب میں پاکستان کی اننگز کے آغاز پر ٹاپ آرڈر فلاپ ہو گیا اور آدھی ٹیم پویلین لوٹ گئی ہے، جس کے بعد سلمان آغا اور سعود شکیل کی جانب سے اننگز آگے بڑھائی جا رہی ہے۔ پاکستان کی اننگز پاکستان کی جانب سے بیٹر امام الحق اور عبداللہ شفیق نے اننگز کا آغاز کیا لیکن یہ جوڑی کریز پر زیادہ دیر نہ ٹھہر سکی، امام الحق دوسرے اوور میں صرف 1 رنز پر ہی پویلین لوٹ گئے اس کے بعد عبداللہ شفیق بھی صرف 19 رنز پر پربتھ جے سوریا کی گیند پر دھنجیا ڈی سلوا کو کیچ دے بیٹھے۔ شان مسعود 30 گیندوں پر 39 رنز بنا کر رمیش مینڈس کا شکار ہوئے۔

وفاقی دارالحکومت میں اتھلیٹکس کے ٹیلنٹ کی کمی نہیں بلکہ کھلاڑیوں کو وسائل فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔ ممتاز الحق

اسلام آباد (سپورٹس نیوز) اسلام آباد اتھلیٹکس ایسوسی ایشن کے سینئر نائب صدر ممتاز الحق نے کہا ہے کہ وفاقی دارالحکومت میں اتھلیٹکس کے ٹیلنٹ کی کمی نہیں بلکہ کھلاڑیوں کو وسائل فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ اتھلیٹکس کا کھیل دوسرے کھیلوں کی طرح دنیا کا مقبول ترین کھیل ہے اور پاکستان نے بین الاقوامی سطح پر بے پناہ میڈلز حاصل کر رکھے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں کھیلوں کی ترقی کے لئے کلب اور اکیڈمی اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اتھلیٹکس فیڈریشن کے صدر میجر جنرل ریٹائرڈ محمد اکرم ساہی کا ایشین اتھلیٹکس ایسوسی ایشن کا دوسری بار صدر بنا پاکستان کے لئے بڑے فخر کی بات ہے۔

جنید شفیق نے آئی ٹی بی اے ٹین پن باؤلنگ رینکنگ ٹورنامنٹ میں ماسٹر سنگلز کا ٹائٹل جیت لیا

اسلام آباد (سپورٹس نیوز) جنید شفیق نے آئی ٹی بی اے ٹین پن باؤلنگ رینکنگ ٹورنامنٹ میں ماسٹر سنگلز کا ٹائٹل جیت لیا ہے جبکہ ماسٹر ڈبلز کے ایونٹ میں اعجاز الرحمان اور دانیال اعجاز دونوں باپ بیٹے نے کامیابی حاصل کی۔ ٹورنامنٹ کے اختتام پر پاکستان ٹین پن باؤلنگ فیڈریشن کے صدر اعجاز الرحمان اور سیکرٹری جنرل محمد حسین چھٹہ نے کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کئے۔ لیزرسٹی باؤلنگ کلب، جناح پارک راولپنڈی میں کھیلے گئے۔

پی ایس ایل 8؛ افتتاحی تقریب میں شاہ خرچی پر راشد لطیف حیران

ہائی پرفارمنس سینٹر بنانے سے روزگار کے مواقع بھی پیدا ہوتے، سابق کپتان

لاہور (سپورٹس نیوز) پی ایس ایل 8 کی افتتاحی تقریب پر شاہ خرچی پر راشد لطیف حیران رہ گئے، انہوں نے ذمہ داران کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ سابق کپتان راشد لطیف نے کہا کہ اتنی رقم سے سفید پوش فرسٹ کلاس کرکٹرز اور امپائرز کیلئے ایک فنڈ قائم کیا جا سکتا تھا، ہائی پرفارمنس سینٹر بنا دیتے تو روزگار کے مواقع پیدا ہوتے، چونکہ بورڈ کو سنبھالنے والوں کا یہ روز کا کام نہیں اس لیے ان میں ویژن نہیں ہے۔ رپورٹ کے مطابق پی ایس ایل 8 کیلئے صرف اینتھم کی تیاری پر ساڑھے 4 کروڑ روپے کی لاگت آئی تھی جبکہ افتتاحی تقریب پر تقریباً 25 کروڑ روپے خرچ کر دیے گئے، عام طور پر پاکستان میں ایک فلم 5 کروڑ میں تیار ہو جاتی ہے۔ اپنے یوٹیوب چینل پر اس حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے راشد لطیف نے کہا کہ اتنی بڑی رقم سے مسائل کے شکار سفید پوش فرسٹ کلاس کرکٹرز اور امپائرز کیلئے ایک فنڈ قائم کیا جا سکتا تھا، کیا کبھی کسی نے شادی پر 25 کروڑ لگایا؟

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس
18 جولائی 2023ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس/ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 18 جولائی 2023ء صبح 07:00 بجے تا دن 12:00 بجے تک اسلام آباد سرکل، ہائی وے، ضیا مسجد، سروس روڈ ایسٹ، اقبال ٹاؤن بالا AIOU، کامسٹ، جھنڈا بختاور، پارک انکلیوژ لہتراڑ، ترامڑی، آئی ایس آئی فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، چکری، ارسلان پولٹری فارم، ایس پی ڈی، ہسکول، پڑیال، کہوٹہ سٹی-II، حنیف شہید فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل، فضائیہ، عزیز آباد فیڈرز، چکوال سرکل، دولتالہ، آدی، ڈیرہ مسلم فیڈرز، اٹک سرکل، میناوالہ، کالا خان فیڈرز، جہلم سرکل، شمس آباد، سنگھوئی، کھوئی کھلیاں، چوٹالہ، پکھوال، جاکر، ایف نائن چک دولت، شاہ سفیر فیڈرز، صبح 06:00 بجے تا شام 18:00 بجے تک، جی ایس او سرکل، سٹی-II، چروہی، بیروٹ گالہ، دربار مائی ٹوٹی، کھوئی رتہ سٹی، چروہی ایکسپریس، دانہ بھل، چروہی ڈونگی، سٹی، کریالہ، جنڈروت دبسی، ڈٹوٹ، مجاجن فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جا سکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 1

سٹاف کے دکھی انسانیت کی خدمت کے جذبے کو سراہتا ہوں۔ محسن نقوی نے کہا کہ ہسپتال کے لئے فنڈز اور دیگر درکار ضرورتوں کو پورا کیا جائے گا۔

بقیہ 2

ہیں۔ اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ انتخابی اصلاحاتی کمیٹی میں تمام سیاسی جماعتوں کی نمائندگی موجود ہے، انتخابی اصلاحاتی کمیٹی کی سفارشات آج شام تک منظر عام پر آجائیں گی۔

بقیہ 3

اتحادیوں کے بعد لیڈر آف اپوزیشن سے مشاورت کریں گے، حلقہ بندی کرنے کیلئے الیکشن کمیشن کو چار ماہ درکار ہیں، الیکشن کمیشن پرانی مردم شماری پر کام شروع کر چکا ہے، پرانے الیکشن رولز پر ہی الیکشن ہونے چاہئیں، سیاسی جماعتیں اگر اصلاحات بہتر سمجھتی ہیں تو فوری طور پر مشاورت کے بعد قانون سازی کر لیں۔ انہوں نے کسی جج، جرنیل، بیوروکریٹ، ٹیکنوکریٹ یا صحافی کو نگران وزیر اعظم لگانے کی مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ جب تک نئی مردم شماری نوٹیفائی نہیں ہوتی، نئی حلقہ بندیوں کا تصور ہی نہیں، سیاسی عہدوں کو سیاست دان ہی چلا سکتے ہیں، یہ انہی کا کام ہے، ملک کا سب سے بڑا سیاسی عہدہ وزیر اعظم کا ہے۔ رہنما پیپلز پارٹی کا کہنا تھا کہ ہائی کورٹ یا سپریم کورٹ میں کسی جج کی سیٹ خالی ہو تو اس میں مجھ جیسے بندے کو اگر جج لگاتے ہیں تو وہاں کیا انصاف کر پاؤں گا، کسی انتظامی عہدے پر اچانک کسی جج کو بٹھا دیا جائے، جس کو تجربہ نہ ہو وہ کام نہیں کر سکے گا۔ قمر زمان کائرہ نے مزید کہا کہ وزیر اعظم آفس کی بہت ساری ذمے داریاں ہوتی ہیں، وزیر اعظم ہوں، منسٹرز ہوں یا چیف منسٹرز ہوں، سیاسی لوگوں کو آنا چاہیے، دوسروں کیلئے یہ رستے نہیں کھولنے چاہئیں۔

بقیہ 4

رہنما بھی پرویز خٹک کی پارٹی میں شامل ہو گئے ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پرویز خٹک نے کئی سابق ایم پی ایز اور ایم این ایز کو پارٹی میں شامل ہونے کی دعوت ہے۔ پرویز خٹک نے دعوی کیا ہے کہ 57 سابق ایم پی ایز اور ایم این ایز ان سے رابطے میں ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پرویز خٹک نے خیبر پختونخوا کے 13 سابق ممبران اسمبلی سے رابطہ کیا جس میں سے 6 نے معذرت کی، پرویز خٹک نے پی ٹی آئی کے سابق رہنما فواد چودھری سے بھی رابطہ کیا۔ سابق وزیراعلی پرویز خٹک نے پی ٹی آئی کے سابق صوبائی وزیر ہشام انعام اللہ سے ملاقات اور انہیں اپنی پارٹی میں شمولیت کی دعوت دی ہے۔ ذرائع کے مطابق پرویز خٹک کی دعوت پر ہشام انعام اللہ نے کہا کہ آپ مجھے پی ٹی آئی میں لائے، بعد میں میری حمایت نہیں کی اس پر پرویز خٹک نے کہا کہ مجھے سائیڈ لائن کیا گیا تھا میرے ساتھ بھی برا ہوا ہے۔ سانحہ 9 مئی کی مذمت ایک بیان میں سابق وزیراعلی پرویز خٹک نے سانحہ 9 مئی کے واقعات کی بھرپور مذمت کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے وجود سے ہی ہم سب کا وجود ہے، تحریک انصاف کا خیبر پختونخوا سے مکمل خاتمہ ہو گیا ہے۔

بقیہ 5

تعلقات عامہ کے مطابق کور کمانڈرز کانفرنس میں فوج کی آپریشنل تیاریوں اور تربیتی پہلوؤں پر بھی غور کیا گیا، آئی ایس پی آر نے کانفرنس میں بتایا کہ کالعدم ٹی ٹی پی اور دیگر دہشت گرد تنظیموں کے ہمسایہ ملک میں ٹھکانے ہیں، ٹی ٹی پی اور دیگر دہشت گرد گروپ پاکستان میں مسائل پیدا کر رہے ہیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے کہا کہ معروضی تربیت ہماری پیشہ ورانہ مہارت کا خاصہ ہے، ہمیں قومی سلامتی کو لاحق کسی بھی خطرے سے نمٹنے کیلئے ہمیشہ تیار رہنا چاہیے۔ کور کمانڈرز کانفرنس میں فورم کو معاشی بحالی کے منصوبے، سرمایہ کاری سہولت کونسل کے دائرہ کار سے آگاہ کیا گیا، زراعت، آئی ٹی، معدنیات، دفاعی پیداواری شعبوں میں ترقی کیلئے فوج کی کاوشوں پر بریفنگ دی گئی۔ کانفرنس میں شرکا نے حکومت کی معیشت بحالی کیلئے حکمت عملی کو ہر ممکن معاونت فراہم کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ 6

ہونے کے بعد انسداد دہشتگردی عدالت کی ایڈمن جج عبہر گل خان کے روبرو دوبارہ پیش کیا گیا، عدالت نے انہیں 31 جولائی کو دوبارہ عدالت میں پیش کرنے کا حکم دیتے ہوئے دوبارہ 14 روز کیلئے جیل بھیج دیا۔ یاد رہے گزشتہ روز لاہور کی انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت نے 9 مئی کو جناح ہاؤس پر حملے اور جلاؤ گھیراؤ کے الزام میں درج مقدمے میں گرفتار سماجی سیاسی رہنما طیبہ راجہ اور روبینہ خان سمیت 8 ملزمان کی درخواست ضمانت خارج کر دی تھی۔

بقیہ 7

معافی کی درخواست دی گئی، جس پر عدالت نے ایک روزہ حاضری معافی کی درخواست منظور کر لی۔ دوران سماعت درخواست کی بنیاد پر مؤقف اختیار کیا گیا کہ مقدمہ سیاسی بنیادوں پر بنایا گیا ہے، جس کے کوئی شواہد موجود نہیں۔ بریت کی درخواست دائر کر رکھی ہے لیکن سماعت نہیں ہو رہی۔ عدالت بریت کی درخواستوں پر جلد سماعت کا حکم دے۔ احتساب عدالت نے دلائل مکمل ہونے پر فیصلہ محفوظ کر لیا، جو 20 جولائی کو سنایا جائے گا

بقیہ 8

میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے مریم اورنگزیب نے کہا کہ گزشتہ حکومت نے آئی ایم ایف معاہدے کی خلاف ورزی کی اور ملک کو ڈیفالٹ کے دہانے چھوڑ کر گئی، اتحادی حکومت نے اہم کام کیے، جب اقتدار سنبھالا تو معاشی صورتحال ابتر تھی، پی ٹی آئی حکومت نے چار سال ہر شعبے کو تباہ کیا، آٹا، چینی، بجلی اور گیس کا بحران پیدا کیا، موجودہ حکومت نے سب سے پہلے ملک کو ڈیفالٹ سے بچایا۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے مزید کہا ہے کہ آئی ایم ایف کا پروگرام اگر کسی نے مکمل کیا تو نواز شریف نے 2016 میں کیا تھا، گزشتہ حکومت نے اپنی سیاست کو بچانے کیلئے پٹرول سستا کیا، چودہ ماہ میں ہم نے دوست ملکوں کے زخموں پر مرہم رکھا، چیئرمین پی ٹی آئی نے دوست ملکوں کو ناراض کیا، انہوں نے خارجہ پالیسی کو تباہ کیا، ملک میں معاشی تباہی لائی گئی اور مخالفین کو جیلوں میں ڈالا۔ انہوں نے کہا کہ جب ہمیں حکومت ملی تو معیشت، روزگار تباہ، کارخانے بند ہو چکے تھے، ملک ڈیفالٹ کے قریب تھا، 2018 میں ہم نے 6.2 فیصد پر ترقی کرتا ملک دیا تھا، پی ٹی آئی نے سستی گیس کے معاہدے کا موقع ضائع کیا، بجلی بنانے والے کارخانوں کو بند کر دیا، گزشتہ حکومت نے روس کے ساتھ سستے تیل پر سیاست کی، فرنس آئل مافیا کو فائدہ پہنچانے کیلئے ایل این جی معاہدہ نہ کیا گیا۔ مریم اورنگزیب نے مزید کہا ہے کہ حالیہ سیلاب میں بہت زیادہ تباہی ہوئی، بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت 70 ارب روپے سیلاب متاثرین میں تقسیم کیے گئے، 70 ارب روپے کا مفت آٹا تقسیم کیا، چودہ ماہ میں ہم نے عوام کو ریلیف دیا، ملک کو ڈیفالٹ سے بچا کر معاشی استحکام دینا موجودہ حکومت کا بڑا کارنامہ ہے، موجودہ حکومت نے 3900 میگاواٹ بجلی سسٹم میں شامل کی۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا ہے کہ 350 ڈیم بنانے والوں نے عوام کو ڈیم فول بنا دیا، پی ٹی آئی کی طرف سے آج تک تخریب کاری جاری ہے، کہتے ہیں اگر ہم ساتھ نہ دیتے تو آئی ایم ایف معاہدہ نہ ہوتا، آئی ایم ایف اس لیے تمہارے پاس آیا تھا کہ اب تخریب کاری نہ کرنا، آئی ایم ایف پروگرام کے بعد معاشی استحکام آیا ہے، ہم آئی ایم ایف کی ایک ایک شرط پر عملدرآمد اور اسے مکمل کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ معاشی استحکام سے ہی عام آدمی کی زندگی میں بہتری آئے گی، ہم چاہتے تو یہ پہلے دن جیل میں ہوتے، گزشتہ چار سال میں اپوزیشن کیخلاف یہی کچھ کیا گیا، ہم نے ان کے کیس کو قانون کے حوالے کیا، دوسروں کو چور کہنے والا آج جواب نہیں دے رہا، چودہ ماہ کے حوالے سے تفصیلی رپورٹ چھاپ رہے ہیں، اگر چودہ ماہ میں بہتری آ سکتی تھی تو گزشتہ چار سالوں میں کیوں نہیں آ سکی؟ مریم اورنگزیب نے مزید کہا ہے کہ آج عمران پراجیکٹ والے بھی شرمندہ ہیں، موجودہ حکومت اپنی آئینی مدت پوری کرے گی، الیکشن نگران سیٹ اپ میں ہوں گے، وزیر اعظم پہلے ہی کہہ چکے ہیں الیکشن 90 دن کے اندر ہوں گے، ووٹ لیکر دوبارہ ملک کی تعمیر کریں گے، نئی پارٹی بنانے کا جواب پرویز خٹک ہی دے سکتے ہیں، پی ٹی آئی مانگے تانگے کی پارٹی تھی۔

بقیہ 9

مذہبی جماعتوں و تنظیموں کی جانب سے جلسے، سیمینار اور تقریبات منعقد کی جائیں گی جن میں مقررین خلیفہ دوم امیر المومنین سیدنا حضرت عمر بن الخطابؓ کے فضائل و مناقب، سیرت و کردار، بے مثال فتوحات اور ان کے سنہرے کارناموں پر روشنی ڈالیں گے۔ حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ موجودہ سعودی عرب کے مقدس شہر مکہ مکرمہ میں پیدا ہوئے، آپ کا نام عمر بن خطاب، لقب 'فاروق' اور کنیت 'ابو حفصہ' تھی۔ حضرت عمر نے مدینہ منورہ ہجرت کے بعد تمام غزوات میں حصہ لیا۔ آپؓ کی خدمات، جرات و بہادری، فتوحات، شاندار کردار اور کارناموں سے اسلام کا چہرہ روشن ہے۔ حضرت عمرؓ کا زمانہ خلافت اسلامی فتوحات کا دور تھا جس میں اسلامی سلطنت کی حدود 22 لاکھ مربع میل تک پھیلی ہوئی تھیں۔ آپ نے بیت المال کا شعبہ فعال کیا، اسلامی مملکت کو صوبوں اور اضلاع میں تقسیم کیا، عشرہ خراج کا نظام نافذ کیا اور پولیس کا محکمہ قائم کیا۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یکم محرم الحرام 24 ہجری کو جام شہادت نوش فرمایا۔ آپؓ روضہ رسولؐ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلو مبارک میں مدفن ہیں۔

بقیہ 10

والوں کو پیک آورز میں ایک یونٹ بجلی کی قیمت 50 روپے ادا کرنا ہوگی۔

بقیہ 11

ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم خیام کو گرفتار کر لیا، اشتہاری مجرم 2021 سال سے کینٹ پولیس کو مطلوب تھا، ڈویژنل ایس پیز نے متعلقہ ایس ایچ اوز کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ اشتہاری مجرمان اور انکے سہولت کاروں کے خلاف کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جا رہی ہے۔

بقیہ 12

ہائیکورٹ نے ریمارکس دیئے کہ زمانے بدل گئے ہیں، قدریں بدل گئی ہیں، آپ تو پرانے قدر کرنے والے ہیں، آپ نے اعتراض کیا، آپ کا حق ہے، کیا ہر چیز میں اعتراض لیا جا سکتا ہے؟ چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ نے مزید کہا کہ اس طرح کے معاملات میں شاید سٹیکس زیادہ ہوتے ہیں سیاسی معاملات ہوتے ہیں۔ وکیل خواجہ حارث نے کیس آج ہی سننے کی استدعا کی، چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ نے چیئرمین پی ٹی آئی کو رجسٹرار آفس کے اعتراضات دور کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ کیس آج نہیں تو کل لگ جائے گا۔ انہوں نے مزید ریمارکس دیئے کہ ٹرائل کورٹ نے 8 جولائی کو توشہ خانہ کیس قابل سماعت ہونے کا فیصلہ دیا تھا، 9 مئی سے متعلقہ مقدمات سمیت دیگر 7 ضمانت کے کیسز سے متعلق درخواست پر سماعت بھی اسی عدالت میں ہوئی۔ بعدازاں اسلام آباد ہائیکورٹ نے اعتراضات دور کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے سماعت ملتوی کر دی۔

بقیہ 13

گیا۔ ایئر چیف نے معزز مہمان کو پاک فضائیہ کو جدت سے استوار کرنے اور مقامی صلاحیتوں کے فروغ کے لیے جاری مختلف منصوبوں کے بارے میں آگاہی فراہم کی۔ سربراہ پاک فضائیہ نے وزیر خزانہ کو پاک فضائیہ کے نیشنل ایرو اسپیس سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پارک پراجیکٹ سے آگاہ کیا اور اس امر پر روشنی ڈالی کہ اس میگا پراجیکٹ کا مقصد ایوی ایشن، اسپیس، آئی ٹی، سائبر اور کمپیوٹنگ کے شعبوں میں مشترکہ تحقیق، ترقی اور اختراع کو فروغ دینا ہے تاکہ پاکستان کے لیے اقتصادی، تکنیکی اور سائنسی فوائد کے حصول کو یقینی بنایا جا سکے۔ سربراہ پاک فضائیہ نے معیشت کو ترقی اور استحکام کی جانب گامزن کرنے کے لیے حکومت کی عملی پالیسیوں اور اقدامات کی بھی تعریف کی۔ وزیر خزانہ نے پاک فضائیہ کے اہلکاروں کی بے مثال پیشہ ورانہ مہارت کو سراہتے ہوئے کہا کہ حکومت پاکستان پاک فضائیہ کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے اپنے تمام تر وسائل بروئے کار لائے گی تاکہ ملک کے ناقابل تسخیر فضائی دفاع کو یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے پاکستان کو ایک خوشحال اور معاشی طور پر مستحکم ملک بنانے کی غرض سے حکومت پاکستان کی جانب سے نافذ کی جانے والی اقتصادی پالیسیوں اور وسیع منصوبوں کا بھی ذکر کیا۔ معزز مہمان نے پاک فضائیہ کی آپریشنل تیاریوں پر اپنے مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے بہترین صلاحیتوں سے لیس اور ہنرمند فضائی اہلکاروں کی تیاری و تربیت، جو ملک کے فضائی دفاع اور قومی سلامتی کے بدلتے چیلنجوں سے نمٹنے کی پوری صلاحیت رکھتے ہیں، پر پاک فضائیہ کی قیادت کی تعریف کی۔

بقیہ 14

کمشنر سیکرٹریٹ نے ضروری اشیا کی قیمتوں کی چیکنگ کی، پولی تھین بیگز کے غیر مجاز استعمال اور سیکرٹریٹ سب ڈویژن کے مختلف علاقوں میں مجموعی طور پر صفائی کا معائنہ کیا، اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ نے تجاوزات کرنے والے افراد کو گرفتار کر کے تھانے منتقل کر دیا، جبکہ دیگر خلاف ورزی کرنے والوں کو قانون کے مطابق جرمانے عائد کیے اور وارننگ دی گئی۔

بقیہ 15

پر مشکل وقت آیا تو یہ لوگ بھاگ گئے، یہ سب لوٹے ہیں یہ ایک سیٹ بھی نہیں جیت سکیں گے، محمود خان نے کل ہی کہا کہ میں پرویز خٹک کا نہ کٹھ پتلی ہوں نہ اس کے ساتھ جا رہا ہوں، آج محمود خان پرویز خٹک کے ساتھ چلا گیا، پاکستان تحریک انصاف پارلیمنٹیرین نام رکھنے سے پرویز خٹک چیئرمین پی ٹی آئی نہیں بن سکتا۔ شیر افضل خان مروت نے مزید کہا ہے کہ آج کی اہم عدالتی کارروائی پر تحریک انصاف کا موقف دینا چاہتا ہوں، چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ سات آٹھ دن کی تعطیلات کے بعد آج آئے ہیں، چیف جسٹس نے بہت سے شریک ملزمان کی اسی کیسز میں ضمانتیں خارج کیں۔ چیئرمین پی ٹی آئی کے وکیل نے کہا کہ 20 جون کو انہوں نے اسد قیصر، اسد عمر، شاہ محمود قریشی کی ضمانتیں خارج کیں، چار تاریخ کو چیئرمین پی ٹی آئی انہی جج کی عدالت میں موجود تھے، جب چیئرمین پی ٹی آئی کو احاطہ عدالت سے گرفتار کیا گیا تو عدالت نے کہا ٹھیک فیصلہ کیا، میں چیئرمین پی ٹی آئی اور لیگل ٹیم کی طرف سے التجا کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ان عوامل کی وجہ سے چیئرمین پی ٹی آئی کی زندگی کو نقصان پہنچایا گیا تو لوگ اداروں کو بھول جائیں گے اور لوگوں کے غصے کا اظہار عدلیہ پر ہو گا، چیف جسٹس سے گزارش ہے کہ ہمیں انصاف دیں، ہم ظلم اور جبر کا شکار ہیں، ہائیکورٹ مظلوم کی مدد کرے

بقیہ 16

جماعت سے اتحاد کی بجائے سیٹ ایڈجسٹمنٹ کرنے کا فیصلہ کیا ہے جس کا فیصلہ نواز شریف خود کریں گے۔ خیبر پختونخوا میں جمعیت علما اسلام جبکہ سندھ میں پیپلز پارٹی کے مقابلے میں گرینڈ ڈیموکریٹک الائنس سے ہاتھ ملانے پر غور کیا جا رہا ہے۔ عام انتخابات میں مسلم لیگ (ن) کی حکمت عملی کی تجاویز بھی قیادت کو پہنچا دی گئی ہیں، الیکشن میں ٹکٹ کے لئے پہلی ترجیح (ن) لیگ کے وفاداروں کو دی جائے گی۔ دوسری جانب نواز شریف نے انتخابات سے قبل پنجاب کے حلقوں میں سروے کرانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پنجاب کی قیادت سروے رپورٹ سفارشات کے ساتھ پارلیمانی بورڈ اور قیادت کو دے۔ سروے میں امیدواروں کی حلقوں میں ساکھ، برتری یا شکست کے امکانات کا جائزہ لیا جائے گا جن امیدواروں کی اپنے حلقوں میں ساکھ اچھی نہیں ہو گی ان کی جگہ متبادل امیدوار کو ٹکٹ دیا جائے گا۔ پارٹی قائد نے مجوزہ سروے میں آئندہ انتخابات میں دیگر جماعتوں سے سیٹ ایڈجسٹمنٹ کے فوائد اور نقصانات کا بھی جائزہ لینے کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ 17

ہوئی، جسٹس علی باقر نجفی کی سربراہی میں 2 رکنی بینچ نے سماعت کی سرکاری وکیل نے کہا کہ پرویز الٰہی کیخلاف گجرات اور تھانہ غالب مارکیٹ لاہور میں مقدمات درج ہیں، 4 مئی کو تھانہ غالب مارکیٹ میں درج مقدمے میں ضمانت خارج ہوئی اور کوئی وکیل پیش نہ ہوا۔ سرکاری وکیل نے بتایا کہ ہائیکورٹ فیصلے میں قرار دیا گیا کہ پولیس تعاقب کے باعث عدالت نہیں پہنچ سکے، فیصلے میں آئین کے آرٹیکل 199 کو دیکھا ہی نہیں گیا۔ بعدازاں لاہور ہائیکورٹ نے سنگل بینچ کا فیصلہ معطل کر دیا اور فریقین کو نوٹس جاری کر دیئے، پنجاب حکومت نے سنگل بینچ کے فیصلے کیخلاف انٹرا کورٹ اپیل دائر کی تھی، سنگل بینچ نے سابق وزیراعلی پنجاب کو خفیہ مقدمات میں گرفتار نہ کرنے اور درج مقدمات میں حفاظتی ضمانت دی تھی۔ یاد رہے کہ پنجاب حکومت نے عدالت عالیہ کے سنگل بینچ کے فیصلے کو لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج کیا تھا، پنجاب حکومت نے دائر اپیل میں مؤقف اختیار کیا کہ سنگل بینچ کا فیصلہ حقائق اور قانون کے منافی ہے۔ اپیل میں نشاندہی کی گئی کہ مختلف ادارے قانون کے مطابق پرویز الٰہی کیخلاف تحقیقات کر رہے ہیں، سنگل بینچ کا فیصلہ تفتیشی عمل کو متاثر کر سکتا ہے۔ پنجاب حکومت نے انٹرا کورٹ اپیل میں استدعا کی کہ پرویز الٰہی کو کسی غیر ظاہر شدہ مقدمے میں گرفتار نہ کرنے کے عدالتی احکامات کو کالعدم قرار دیا جائے

بقیہ 18

اور سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث گینگ کے سرغنہ کو ساتھی سمیت گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان میں گینگ کا سرغنہ فریاد عرف یادی اور محمد اسامہ شامل ہیں، ملزمان سے وارداتوں میں استعمال ہونے والے اسلحہ برآمد ہوا، ملزمان کو متعدد وارداتوں کے انکشاف پر شناخت پریڈ کے لیے جیل منتقل کیا جا رہا ہے، ایس پی راول فیصل سلیم کا کہنا تھا کہ ملزمان سے شناخت پریڈ کے بعد مال مسروقہ کی برآمدگی کا تحرک کیا جائے گا، شہریوں کی جان و مال پر حملہ کرنے والے ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے

بقیہ 19

ائر لائن کے کنٹری مینیجر نے واقعہ کی ای میل ملنے پر اسٹیورڈ کو فوری طور پر معطل کرنے کا حکم جاری کر دیا اور محمد ادریس خان کی معطلی کے ساتھ مبینہ طور پر کینیڈا کے لیے پروازوں پر تعیناتی پر پابندی بھی عائد کر دی گئی۔ ترجمان پی آئی اے نے کہا ہے کہ محمد ادریس خان 7 جولائی کو پی آئی اے کی پرواز پی کے 781 کے ذریعے اسلام آباد سے ٹورنٹو پہنچا تھا تاہم اسٹیورڈ کی گرفتاری اور پولیس اسٹیشن لے جانے کی خبروں میں کوئی صداقت نہیں، متاثرہ خاتون کی پی آئی اے کو شکایت پر ادریس خان کو معطل کیا گیا

بقیہ 20

باعث درمیانے درجے کا سیلاب ہے۔ ممکنہ سیلاب کے پیش نظر متاثرین کے انخلا کے لئے بہاولنگر، چشتیاں اور سلیمانکی کے متعدد مقامات پر ریلیف کیمپس قائم کر دیئے گئے ہیں۔ حکام کے مطابق فوجی دستے اضافی ساز و سامان کے ساتھ مختلف مقامات پر موجود ہیں۔

بقیہ 21

آئی وی ایڈز کے پھیلاؤ کو روکنے اور بروقت علاج معالجہ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ایم ایس ڈاکٹر شبیر احمد چشتی نے ایکٹو ہیلپ آرگنائزیشن (اے ایچ او) کی ٹیم کو یقین دلایا کہ ڈی ایچ کیو ہسپتال میں اے آر ٹی سنٹر انتظامیہ ٹرانس جینڈر کو علاج معالجہ میں درپیش مسائل کو حل کرنے میں بھرپور تعاون کرے گی۔ جس پر ایکٹو ہیلپ آرگنائزیشن کی ٹیم نے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر شبیر احمد چشتی سے ملاقات کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ ایڈز کی روک تھام کے لئے اوکاڑہ انتظامیہ ایکٹو ہیلپ آرگنائزیشن کا ساتھ دے رہی ہے اس سے ایڈز جیسی بیماری پر کنٹرول اور خاتمہ ممکن ہے تاہم ایڈز سے لوگوں کو بچانے کے لئے آگاہی وقت کا اہم تقاضہ ہے۔ ایم اینڈ ای آفیسر مس حنا ریاض نے مزید بتایا کہ ایکٹو ہیلپ آرگنائزیشن کی ٹیم ضلع بھر میں متحرک ہے اور ہسپتال انتظامیہ کے تعاون سے ایچ آئی وی ایڈز کے مکمل خاتمہ تک جدوجہد جاری رکھیں گے۔

بقیہ 22

کی عمر کے ووٹرز کی تعداد 2 کروڑ 77 لاکھ 66 ہزار 976 ہو گئی۔ الیکشن کمیشن کے مطابق پنجاب میں ووٹرز کی تعداد 7 کروڑ 16 لاکھ 6 ہزار 397 ہو گئی، سندھ میں رجسٹرڈ ووٹرز کی تعداد 2 کروڑ 65 لاکھ 29 ہزار 136 ہو گئی۔ خیبر پختونخوا میں رجسٹرڈ ووٹرز کی تعداد 2 کروڑ 16 لاکھ 21 ہزار 221 جبکہ بلوچستان میں رجسٹرڈ ووٹرز کی تعداد 52 لاکھ 74 ہزار 761 ہے۔

بقیہ 23

متعلقہ اداروں سے جواب طلب کیا۔ خط میں کہا گیا کہ انسانی حقوق سیل کی جانب سے تعاون نہیں کیا جا رہا استدعا ہے کہ عدالت سیل کو متعلقہ رپورٹس فراہم کرنے کی ہدایت کرے۔

بقیہ 24

۔ ملاقات میں پارٹی امور، ممکنہ انتخابی صورتحال اور سیاسی و دیگر معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ عبدالعلیم خان نے کہا کہ پنجاب کا 45 فیصد رقبہ جنوب میں ہونے کے باعث نظرانداز ہوا، جنوبی پنجاب کی محرومیاں دور کرنے کا وقت آ گیا، خطے کی ترقی کے لئے عملی اقدامات کریں گے، 11 اضلاع میں صوبے کی 35 فیصد آبادی بنیادی سہولتوں سے محروم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بہاولپور، ڈی جی خان اور ملتان ڈویژن کو صرف وعدوں پر ٹرخایا گیا، جنوبی پنجاب کی 31 فیصد آبادی غربت کی لکیر سے نیچے زندگی گزارنے پر مجبور ہے۔ عبدالعلیم خان نے کہا کہ جنوبی پنجاب کی 77 فیصد دیہی آبادی ریونیو کے باوجود سہولتوں میں پیچھے ہے، ان اضلاع میں تعلیم، پانی، سیوریج، انرجی و صحت جیسی بنیادی سہولتیں نہیں، ان علاقوں سے صدر، وزیراعظم اور وزیراعلی بھی آئے لیکن یہ خطہ ترقی نہیں کر سکا۔ اس موقع پر سعید اکبر نوانی نے کہا کہ عام انتخابات میں جنوبی پنجاب کی ہر سیٹ پر اس پارٹی کو سبقت دلائیں گے

بقیہ 25

کی زندگی مسلمانوں اور خصوصاً حکمرانوں کیلئے ایک بہترین نمونہ ہے جن کے نظام حکومت کو اپنا کر نہ صرف عوام کیلئے سہولیات پیدا کی جا سکتی ہیں بلکہ دنیا و آخرت میں بھی سرخرو ہوا جا سکتا ہے۔ حضرت عمر فاروقؓ کے دور حکومت میں عدل و انصاف کا دور دورہ تھا۔

بقیہ 26

پول کا رخ کر رہے ہیں۔ ہیڈ مرالہ اور دریائے چناب میں گرمی کی شدت کو کم کرنے کے لیے نہانے کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ گرمی میں راحت اور سکون کی خاطر ہم لوگ ہیڈ مرالہ یا سوئمنگ پولز آ جاتے ہیں اور یہاں نہا کر گرمی کی شدت کو کم کرتے ہیں۔

بقیہ 27

درخواست دی کہ ملزم حسن اکبر نے اس کے بیٹے کو گھر لے جا کر زیادتی کا نشانہ بنایا، صدر بیرونی پولیس نے متاثرہ لڑکے کے والد کی درخواست پر فوری مقدمہ درج کر کے ملزم حسن اکبر کو گرفتار کر لیا، متاثرہ لڑکے کا میڈیکل پراسس کروایا گیا ہے، ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر کا کہنا تھا کہ گرفتار ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، زیادتی ناقابل برداشت ہے ملوث ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے

بقیہ 28

ہوئے میئر کراچی مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ ہم نے مثبت کوشش کے ساتھ اجلاس منعقد کرنے کی کوشش کی، بہت دکھ کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ آج کونسل میں شور شرابہ ہوتا رہا لیکن حافظ نعیم خاموش رہے، حافظ نعیم چاہتے ہیں کہ الزامات کی سیاست ہو۔

بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ سیاسی اور نظریاتی اختلاف ہو سکتے ہیں، کراچی کی ترقی کے لئے کوئی تفریق نہیں، سب کو کہا کہ آئیں شہر کی ترقی کے لئے کام کرتے ہیں، عیدالاضحیٰ کے موقع پر تمام جماعتوں نے مل کر آلائشوں کو ٹھکانے لگانے کا کام کامیابی کے ساتھ مکمل کیا۔ میئر کراچی نے کہا کہ ایم سی کی تاریخ میں کبھی سٹی کونسل کے اجلاس سے قبل پارلیمانی لیڈرز کا اجلاس طلب نہیں کیا گیا، ہم نے پہلی مرتبہ پارلیمانی لیڈرز کا اجلاس طلب کیا، ہمارا کوئی شخص پلے کارڈ لے کر نہیں آیا، نعرے بازی کر کے کونسل کے اجلاس میں تلاوت کا تقدس بھی پامال کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ جب ہمارے لوگ نعرے بازی کر رہے تھے تو ہم چپ کرا رہے تھے، جماعت اسلامی کے لوگوں نے ڈیسک کے اوپر چڑھ کر نعرے بازی کی، حافظ نعیم فرعون کی طرح بیٹھے رہے، جماعت کیا روایت ڈال رہی ہے، جماعت بتائے کہ الیکشن مہم چلانے کے پیسے کہاں سے آئے۔ بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ شہر بھر میں سائن بورڈ مافیا نے جنم لیا، نعمت اللہ خان نے کراچی کے گلی محلوں کو کمرشل کر کے شہر کو تباہ کیا، جو رہائشی پلاٹ تھے وہاں 20، 20 منزلہ عمارتیں جماعت کی وجہ سے تعمیر ہوئیں، یہ احتجاج کرتے رہیں میں اپنا کام کروں گا۔ میئر کراچی نے کہا کہ سویڈن کی قرارداد متفقہ طور پر منظور ہونی چاہیے تھی، سویڈن قرار داد کے دوران یہ نعرے لگاتے رہے، اگر نعیم الرحمان میری بات کو سنتے تو انہیں ترقیاتی کاموں بارے بتاتا، انہوں نے الزام لگاتے ہوئے کہا کہ مجھے یہ بھی وہی لوگ لگتے ہیں جو پانی کی لائنوں میں سریئے ڈالتے ہیں۔

بقیہ 29

کی۔ اے۔ کچہری کے دوران، زیادہ تر شکایات کی فوری طور پر جانچ پڑتال کی گئی اور موقع پر ہی ان کی اصلاح کی گئی، جو پروگرام کی مؤثر خدمات کی فراہمی کے عزم کو ظاہر کرتی ہے۔ باقی ماندہ شکایات کے لیے سیکرٹری بی آئی ایس پی نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ وہ زیادہ سے زیادہ تین گھنٹے کے اندر ان کے حل کو یقینی بنائیں۔ سیکرٹری بی آئی ایس پی نے بقیہ شکایات کے حل کی تصدیق کے لیے 3 گھنٹے بعد فالو اپ میٹنگ بھی کی۔ اجلاس میں تمام صوبائی ڈائریکٹر جنرلز نے شرکت کی۔ تمام صوبائی ڈی جیز نے سیکرٹری بی آئی ایس پی کو بقیہ ماندہ شکایات کے حل کے لیے کیے گئے اقدامات سے آگاہ کیا۔ بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام مالی سال 23-2022 کے لیے بے نظیر کفالت کی چوتھی سہ ماہی قسط بھی جاری کر رہا ہے اور اب تک 7.7 ملین سے زائد مستحق خواتین میں 69 ارب روپے سے زائد کی رقم تقسیم کی جا چکی ہے۔ بے نظیر کفالت کے تحت 90 لاکھ رجسٹرڈ مستفید خاندان فی خاندان 9000 روپے کی سہ ماہی قسط کے حقدار ہیں۔ بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام پہلے ہی اپنے پارٹنر بینکوں، یعنی بینک الفلاح اور حبیب بینک لمیٹڈ (HBL) کو ان کے نیٹ ورک کے ذریعے مستحقین میں تقسیم کرنے کے لیے 1 8 ارب روپے سے زائد جاری کر چکا ہے۔ بینظیر کفالت کے ساتھ ساتھ رجسٹرڈ خاندانوں کے بچوں کو بینظیر تعلیمی وظائف بھی دیئے جا رہے ہیں، تاہم، ان وظائف کے حصول کے لیے سکول میں 70 فیصد حاضری لازمی ہے۔ کسی بھی شکایت کی صورت میں، مستفید ہونے والے بی آئی ایس پی کے قریبی تحصیل دفاتر سے رجوع کر سکتے ہیں یا بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے ٹول فری ہیلپ لائن نمبر 080026477 پر کال کر سکتے ہیں۔ بی آئی ایس پی کے ترجمان نے اس بات کا اعادہ کیا کہ بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کا کوئی بھی پیغام صرف 8171 سے بھیجا جاتا ہے اور کسی دوسرے نمبر سے آنے والے پیغام پر بھروسہ نہیں کیا جائے۔

بقیہ 30

تھا، اجلاس کی صدارت سپیکر اسمبلی نذیر ایڈووکیٹ نے کی۔

بقیہ 31

ایکٹس کو آج تک چیلنج نہیں کیا گیا، آرمی اور آفیشل سیکرٹ ایکٹ کے تحت کیے گئے اقدامات قانون کے مطابق درست ہیں، سپریم کورٹ براہ راست اس کیس کو نہ سنے۔ وفاقی حکومت کی جانب سے جواب میں استدعا کی گئی ہے کہ فوجی عدالتوں کے خلاف کیس فل کورٹ کو سننا چاہیے، اگر سپریم کورٹ نے درخواستیں خارج کر دیں تو متاثرہ فریقین کا ہائیکورٹ میں حق متاثر ہونے کا اندیشہ ہے۔ عدالت عظمیٰ میں جمع کرائے گئے جواب میں وفاقی حکومت نے کہا کہ پنجاب الیکشن کیس میں کیس کی سماعت کرنے والے جسٹس یحییٰ آفریدی بھی فل کورٹ بنانے کی رائے دے چکے ہیں۔

بقیہ 32

فراہم کرنا چاہتے ہیں۔ شرجیل میمن نے کہا کہ آئندہ حکومت جس کی بھی ہو پالیسیاں تبدیل نہیں ہونی چاہئیں، ملک کی ترقی کیلئے پالیسیوں کا تسلسل ضروری ہے، پاکستان کو معیشت کے بہت سے چیلنجز کا سامنا ہے، اندرونی اور بیرونی سرمایہ کاری سے معیشت مستحکم ہو گی، ہمیں ملک کی ترقی کیلئے طویل مدتی پالیسی بنانا ہو گی۔ پیپلز پارٹی رہنما کا کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی کی قیادت ملک توڑنے کی بات نہیں کرتی، آج سے 4 سال پہلے نفرت کا پودا لگایا گیا، ایک شخص کو بچانے کیلئے اسرائیل کھل کر سامنے آ گیا، کسی کو اختیار نہیں کہ پاکستان کے اندرونی معاملات میں مداخلت کرے، پی ٹی آئی کی قیادت ملک کے خلاف سازشیں کر رہی ہیں، پاکستان کے دشمن ممالک انہیں فنڈنگ کر رہے ہیں۔ شرجیل میمن نے کہا کہ ملیر، ملتان، کشمیر میں پاکستان پیپلز پارٹی الیکشن جیتی، پیپلز پارٹی واحد جماعت ہے جو چاروں صوبوں کو جوڑنے کی بات کرتی ہے، ہم ایک ہو کر پاکستان کے فیصلے کریں۔

بقیہ 33

میں استدعا کی گئی کہ پرویز الٰہی کی نظر بندی کے احکامات کو معطل کیا جائے۔ یاد رہے کہ اس سے قبل پولیس نے سابق وزیراعلی پنجاب چوہدری پرویز الٰہی کو تھری ایم پی او کے تحت نظر بند کرنے کی سفارش کی تھی، پولیس نے ڈپٹی کمشنر لاہور کو نظر بندی کے احکامات جاری کرنے کیلئے خط لکھا تھا۔ پولیس کے مطابق دوران تفتیش یہ بات سامنے آئی کہ پرویز الٰہی نقص امن کیلئے خطرہ بن سکتے ہیں۔ ذرائع کے مطابق ڈپٹی کمشنر نے پرویز الٰہی کی نظر بندی کے حوالے سے ابھی تک کوئی فیصلہ نہیں کیا، جبکہ ڈپٹی کمشنر آفس سے بھی سابق وزیراعلی کی نظر بندی کے احکامات جاری نہیں کئے گئے۔ جبکہ لاہور ہائیکورٹ میں جیل میں بی کلاس کی سہولیات نہ دینے کیخلاف سابق وزیراعلی پنجاب چوہدری پرویز الٰہی کی درخواست پر سماعت ہوئی تھی، جسٹس امجد رفیق نے درخواست پر سماعت کی۔ سابق وزیراعلی چوہدری پرویز الٰہی کو عدالت کے حکم پر پیش کیا گیا تھا۔ عدالت نے استفسار کیا کہ آپ کسٹڈی میں کب سے ہیں؟ چوہدری پرویز الٰہی نے جواب دیا کہ میں ڈیڑھ ماہ سے جیل میں ہوں۔ عدالت نے استفسار کیا کہ آپ کو کوئی مسئلہ ہے؟ پرویز الٰہی نے کہا کہ وہاں مسائل ہی مسائل ہیں

بقیہ 34

فیصل سلیم کا کہنا تھا کہ ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، ملزمان کتنے ہی شاطر کیوں نہ ہوں قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے

بقیہ 35

والے مسائل کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے اے سی مانسہرہ کے ساتھ بھی ملاقات کی اور سکیورٹی کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا۔

بقیہ 36

یم کورٹ نے عابد زبیری کی درخواست کو نمبر الاٹ کر دیا۔ سپریم کورٹ کا 6 رکنی لارجر بینچ آج درخواست پر سماعت کرے گا۔ یاد رہے کہ سپریم کورٹ نے فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل کیخلاف دیگر درخواستیں بھی سماعت کیلئے مقرر کر رکھی ہیں۔ چیف جسٹس پاکستان جسٹس عمر عطاء بندیال کی سربراہی میں 6 رکنی لارجر بینچ 18 جولائی کو سماعت کرے گا، جسٹس اعجاز الاحسن، جسٹس یحییٰ آفریدی اور جسٹس منیب اختر بینچ کا حصہ ہوں گے۔ جسٹس مظاہر علی اکبر نقوی اور جسٹس عائشہ ملک بھی بینچ میں شامل ہوں گے۔ عدالت عظمٰی نے سماعت کیلئے فریقین کو نوٹس بھی جاری کر رکھے ہیں۔ قبل ازیں سپریم کورٹ نے فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل کیخلاف درخواستوں پر 22 جون کی سماعت کا تفصیلی حکمنامہ جاری کیا تھا۔ حکمنامے کے ساتھ جسٹس قاضی فائز عیسیٰ، جسٹس طارق مسعود اور جسٹس منصور علی شاہ کے اضافی نوٹ بھی شامل کیے گئے۔ جسٹس طارق مسعود نے اضافی نوٹ میں قرار دیا کہ بینچ میں شامل کرنے سے پہلے مجھ سے مشاورت نہیں کی گئی، بینچ سے الگ ہونے کے جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کے فیصلے سے اتفاق کرتا ہوں۔ تحفظات کے باوجود جیلوں میں پڑے شہریوں کی اپیلیں سن رہا ہوں۔ درخواستیں مقرر ہونے سے پہلے درخواست گزار وکیل نے چیف جسٹس پاکستان سے ملاقات کی، ملاقات کے اگلے ہی روز درخواستوں کو سماعت کیلئے مقرر کر دیا گیا۔

بقیہ 37

کہ استحکام بھی عدم استحکام کا شکار ہونے جا رہی ہے، راجہ ریاض برائے نام لیڈر آف اپوزیشن ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ اب ابہام نہیں رہا نگران وزیراعظم کس کی مرضی کا ہو گا؟ پی ڈی ایم کی دیگر جماعتوں کو بھی اعتماد میں لینا چاہیے، پاکستان کے سیاسی مستقبل کا فیصلہ کس نے کرنا ہے؟ قبل ازیں شاہ محمود قریشی نے کہا کہ مفتاح اسماعیل نے جو کہا ٹھیک تھا، اسحاق ڈار کی تاخیر کے سبب روپے کی قدر اس حد تک گری۔ انہوں نے کہا کہ انٹرنیشنل مانیٹری فنڈ (آئی ایم ایف) نے پاکستان کے اسٹینڈ بائی معاہدے کی منظوری دے دی، 3 قسطوں میں آئی ایم ایف سے رقم ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ آئی ایم ایف نے جائزہ رپورٹ جاری کی، اسٹینڈ بائی معاہدے میں انرجی ریفارمز کا ذکر کیا گیا

بقیہ 38

شام سات بجے رائیونڈ شہر کے سب سے پر ہجوم مقام فلائی اوور چوک پر انعام کمیونیکیشن پر تین مسلح ڈاکوؤں کی لوٹ مار، 15 لاکھ نقدی اور 9 لاکھ مالیت کے موبائل ڈبہ پیک لوٹ کر ڈاکو بھرے بازار سے پرسکون فرار، سی سی ٹی وی کیمرہ نے تمام مناظر اپنی آنکھ میں محفوظ کر لیئے، گزشتہ روز بھی دوپہر کے وقت تھانہ سٹی سے صرف سو میٹر دور زیشان آٹوز میں لوٹ مار ہوئی، سیف سٹی کیمرہ جات، سی سی ٹی وی کیمرے جات میں محفوظ ویڈیوز سے شناخت ہونے کے باوجود ڈاکو محفوظ۔ عوام غیر محفوظ، ڈولفن، پیرو اہلکار صرف ہوٹلوں اور پراپرٹی ڈیلرز کے ٹھنڈے کمروں میں بیٹھ کر وقت گذاری کرتے نظر آتے ہیں۔ یا تھانہ موڑ پر ناکہ لگا کر شریف شہریوں کو تنگ کرنے تک محدود پولیس آفیسران ہر ہفتے دو ہفتے بعد نشئیوں اور معمولی جرائم پیشہ افراد کی خود ساختہ گینگز ظاہر کر کے اعلی آفیسران کی آنکھوں میں دھول جھونکنے میں مصروف، گزشتہ دو ماہ میں کئی درجن تاجران اور شہری ڈاکوؤں کے ہاتھوں لٹ چکے ہیں کئی تاجران تو دو دو تین تین بار ڈکیتی کا شکار ہو چکے ہیں، رائیونڈ سٹی، ہربنس پورہ میں شہریوں سے موٹر سائیکلیں اور نقدی چھن گئی، اقبال ٹاؤن، چوہنگ، نواب ٹاؤن سے موٹر سائیکلیں چوری ہو گئے، تاجروں میں خوف و ہراس، اعلی آفیسران سے ناقص کارکردگی پر فوری طور پر ایس ایچ او، انچارج انویسٹی گیشن۔ ڈولفن ٹیم اور عرصہ دراز سے تعینات عملہ کی ٹرانسفر کا مطالبہ

بقیہ 39

بعد تحریک انصاف سے راہیں جدا کی تھیں۔ پرویز خٹک کا کہنا ہے کہ سانحہ 9 مئی جیسے واقعات کی بھرپور مذمت کرتے ہیں۔ پاکستان کے وجود سے ہی ہم سب کا وجود ہے۔ پرویز خٹک کی نئی سیاسی جماعت کے اعلان کے بعد سینئر صحافی سلیم صافی نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹویٹر پر ٹویٹ کرتے ہوئے کہا کہ پی ٹی آئی کے قائد کو سرپرائز مل گیا جس کا میں کچھ عرصہ پیشینگوئی کر رہا تھا۔ انہوں نے مزید کہا کہ پی ٹی آئی کے جو باقی الیکٹیبلز بچے ہیں، انہیں بھی یہاں آنا ہو گا ورنہ باہر بھاگنا یا جیل جانا ہو گا۔ محمود خان کی پرویز خٹک کی جماعت میں شمولیت پر سلیم صافی نے کہا کہ پرویز خٹک کی جگہ محمود خان کو وزیراعلی بنا کر عمران خان نے انہیں ناراض کیا تھا لیکن آج وہ خان کو چھوڑ کر خٹک کے ہمسفر بن گئے۔ اس لئے نوجوانوں سے میں درخواست کرتا رہتا ہوں کہ وہ سیاست کو سیاست سمجھیں اور حق و باطل یا اسلام اور کفر کی جنگ نہ بنائیں۔۔۔ خیال رہے کہ گزشتہ روز ”پاکستان تحریک انصاف پارلیمنٹیرینز“ پارٹی کے نام اور جھنڈے کا انتخاب کر لیا گیا تھا، پرویز خٹک اپنی الگ پارٹی کے قیام کے سلسلے میں اسلام آباد اور پشاور میں اہم شخصیات کے ساتھ ملاقاتیں کیں۔ کافی دنوں سے یہ خبریں گردش میں تھیں کہ پرویز خٹک کسی دوسری پارٹی میں شامل نہ ہونے کی صورت میں اپنی الگ پارٹی کے قیام کا اعلان کر دیں گے جس کے لیے انہوں نے پاکستان تحریک انصاف پارلیمنٹیرینز کے نام کا انتخاب کیا

بقیہ 40

ریسکیو نے لاشیں تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال منتقل کر دیں۔ رائے ونڈ میں جاتی امراء کے قریب ٹریفک حادثے میں 2 افراد جاں بحق اور 8 زخمی ہو گئے۔ بتایا گیا ہے کہ تیز رفتار مسافر وین ٹائر برسٹ ہونے سے موٹر سائیکل سے ٹکرا گئی جس کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار دونوں افراد موقع پر جاں بحق ہو گئے جبکہ مسافر وین میں سوار آٹھ افراد میں زخمی ہوئے جنہیں طبی امداد کے لئے ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ 41

پارلیمانی کارروائیوں کو مزید موثر بنانے اور پائیدار ترقی کے اہداف کے حصول کیلئے مختلف تجاویز کو اجاگر کرنے میں اہم سنگ میل ثابت ہو گا۔ ڈپٹی سپیکر قومی اسمبلی کی قیادت میں پارلیمانی وفد وفاقی وزیر برائے سماجی تحفظ و تخفیف غربت شازیہ مری، چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نور عالم خان، کنوینرز ایس ڈی جیز روبینہ خورشید عالم اور ممبر قومی اسمبلی خالد جاوید چوہدری پر مشتمل ہے۔

بقیہ 42

عمر تقریباً 70 سال کے قریب تھی۔ حادثہ کی اطلاع ملتے ہی ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر ظفر اقبال اور اسسٹنٹ کمشنر دیپالپور مجاہد ظفر ورثاء کے پاس پہنچے اور اظہار افسوس کیا۔ لواحقین اور علاقہ مکینوں کی جانب سے ریسکیو 1122 اور ضلعی انتظامیہ اوکاڑہ کے سیلاب کے دوران اوکاڑہ اور بہاولنگر سے ملحقہ علاقوں میں جو امدادی سرگرمیاں کی ہیں ان کو خوب سراہا گیا

بقیہ 43

غلام محمد آباد کے علاقہ فیض آباد کے قریب محمد عامر سے 50 ہزار روپے' فون' جواد کلب چوک میں زاہد سرفراز کی فیکٹری میں داخل ہو کر لاکھوں کا سامان لوٹ لیا' ملت اسلامیہ ہائی سکول کے چوکیدار محمد احسن سے 31 ہزار روپے اور فون' 218 رب کے حاجی کرامت علی سے سوا دو لاکھ روپے' فون' 2 ج ب کے رضوان اعظم سے 40 ہزار روپے' فون' 118 ج ب کے فائق علی سے موٹر سائیکل' نقدی' فون' 189 رب کے عثمان علی سے نقدی' فون' سرگودھا روڈ بنک الحبیب کے قریب سلامت سے 5 لاکھ 77 ہزار روپے' فون' گوکھووال کے قریب ندیم سے 36 ہزار روپے' فون' آفریدی چوک کے قریب مبشر حسین سے موٹر سائیکل' نقدی' فون' بلال نگر میں ظفر اقبال کی جیولرز شاپ میں داخل ہونیوالے ڈاکو عملہ کو یرغمال بنا کر لاکھوں کے زیورات' 2 کلو چاندی لوٹ کر لے گئے' نشاط آباد کے قریب خلیل الرحمن سے موٹر سائیکل' نقدی' فون' بھائی والا کے قریب نذیر احمد سے 50 ہزار روپے' فون چھین لیا گیا' شیخوپورہ روڈ پر جاوید سے نقدی' فون' مانانوالہ میں ناصر علی سے 66 ہزار روپے' فون' منصور آباد میں عبدالحمید سے 25 ہزار روپے' فون' حمید چوک میں آصف شہزاد سے نقدی' فون' ڈی گراؤنڈ کے قریب شوکت ریاض' فیصل ہسپتال کے قریب عمر سعید' نیو سجان اڈا کے قریب بلال حسین سے نقدی' فون' جلوی مارکیٹ کے قریب زنیر اشرف سے 10 ہزار روپے' فون' 204 چک پل کے قریب عبدالطیف سے 10 ہزار روپے' فون' ڈی ٹائپ پل کے قریب عرفان علی' سمندری روڈ گو پٹرولیم کے قریب عمران علی' عبداللہ پل کے قریب اورنگزیب' ستیانہ روڈ پر گلزار احمد سے نقدی اور موبائل فونز چھین لیے گئے' کھڈیاں قبرستان کے قریب رمضان سے 15 ہزار روپے' فون' 221 رب کے صداقت علی سے 17 ہزار روپے' فون' 64 ج ب کی ریحانہ سے فون جھپٹا مار کر لے گئے' 68 ج ب میں آغا محسن سے 2 لاکھ 75 ہزار روپے' نقدی' فون' 250 رب کے عامر محمود سے موٹر سائیکل' نقدی' فون' 67 ج ب کے رفیق سے موٹر سائیکل' نقدی' فون' امین پور بنگلہ کے ساجد علی سے نقدی' فون' پرتاب نگر کے شاہد سے نقدی' فون' ناظم آباد میں خالد پرویز کی دکان کا صفایا کر دیا گیا' سمن آباد عیدگاہ روڈ پر اسحاق سے نقدی' فون چھین لیا' نواں پھاٹک سمن آباد کے قاسم رمضان کی دکان کے تالے توڑ کر بھاری مالیت کے سگریٹ اور دیگر سامان چور لے گئے' اقبال روڈ پر آصف سے 27 ہزار روپے' فون' 240 موڑ کے قریب عبدالخالق سے 25 ہزار روپے' فون' 68 گ ب کے امین سے 30 ہزار روپے' فون' 680 گ ب کے سجاد حسین سے ایک لاکھ روپے' فون' 107 گ ب کے حسیب سے 12 کروڑ روپے' فون' 68 گ ب کے آصف' 60 گ ب کے نعیم' 71 گ ب کے اظہر عباس' 61 گ ب کے اصغر کی حویلی سے مویشی چور لیکر فرار ہو گئے' 101 گ ب کے احسان سے نقدی' فون' 144 گ ب کے سجاول شیر سے 35 ہزار روپے' 96 رب کے حمزہ سے نقدی' فون' 66 رب کے افضال سے نقدی' فون' 229 رب کے طارق محمود سے 5 لاکھ روپے' فون' 425 گ ب کے ارسلان سے 2 لاکھ 70 ہزار روپے' فون' 490 گ ب میں کاشف محمود سے دو لاکھ روپے' فون' 551 گ ب کے عثمان سے دو لاکھ روپے لوٹ لیے گئے' دانش پورہ میں مسرت نورین کے گھر کا صفایا کر دیا گیا' 483 گ ب کے نصیر احمد کے ڈیرے سے لاکھوں کے مویشی چور لے اڑے' جبکہ سیشن کورٹ کے باہر سے محمد حسن ڈوگر کی کار' عبدالشکور کی موٹر سائیکل' ضلع کچہری سے زبیر حسن' دھوبی گھاٹ سے حیدر علی' اشرف آباد میں اشرف' پالک گراؤنڈ سے آفتاب' پیپلز کالونی سے سبطین علی' نعمت کالونی سے عدیل ظفر' فیضان مدینہ چوک سے جاوید' 241 رب کے قیصر عباس' 257 رب کے افتخار احمد' سمن آباد کے اللہ رکھا' قصبہ تاندلیانوالہ کے غلام مصطفیٰ' پاور لومز بستی سمندری کے کاشف کی موٹر سائیکلیں چور لیکر فرار ہو گئے' پولیس ناکہ بندیوں کے باوجود سماج دشمن عناصر کے گروہوں کا سراغ نہ لگا سکی۔

بقیہ 44

لیے بجلی کا پیداواری اوسط یونٹ ٹیرف مقرر کر دیا۔ رواں مالی سال میں 124 ارب 86 کروڑ یونٹ بجلی پیدا ہونے کا امکان ہے۔ بجلی کی خالص پیداواری لاگت 801 ارب 25 کروڑ آنے کا امکان ہے۔ جب کہ پیداواری لاگت میں 2 ہزار 25 ارب روپے کیپسٹی چارجز شامل کیے گئے ہیں۔ درآمدی کوئلے سے بجلی کی اصل پیداواری لاگت 16 روپے 71 پیسے فی یونٹ ہے اور 23 روپے کیپسٹی چارجز شامل کر کے درآمدی کوئلے سے بجلی کی پیداواری لاگت 40 روپے 34 پیسے فی یونٹ مقرر کی گئی ہے۔ کیپسٹی چارجز کے ساتھ فرنس آئل سے بجلی کی پیداواری لاگت 48 روپے 56 پیسے فی یونٹ اور ایل این جی سے بجلی کی پیداواری قیمت 51 روپے 42 پیسے فی یونٹ مقرر کی گئی۔ دوسری جانب بتایا گیا ہے کہ سائٹ آپریشنز سندھ اینگرو کول مائننگ کمپنی کے نائب صدر محمد اظہر ملک نے کہا ہے کہ کوئلے سے رواں سال کے آخر تک مزید 600 میگاواٹ بجلی بنے گی۔ تھر بلاک ٹو میں کوئلے کی کان کا دورہ کرنے والے کراچی کے صحافیوں کو بتایا کہ اس وقت تھر بلاک ٹو میں کوئلے کی کان سے سالانہ 7.5 ملین ٹن کوئلہ نکل رہا ہے جس سے تین پاور پلانٹس میں 1300 میگا واٹ بجلی بنائی جا رہی ہے یہ پاکستان میں پن بجلی اور نیوکلیئر انرجی کے بعد سستی ترین بجلی ہے رواں سال کے اختتام تک کان کی توسیع کا تیسرا مرحلہ مکمل ہو گا اور سالانہ پیداواری گنجائش 11.5 ملین ٹن تک بڑھ جائیگی۔ انہوں نے کہا تھر کول سے بجلی کی مجموعی پیداوار 3300 میگاواٹ تک بڑھ جائیگی۔ تھر کا کوئلہ اب تک 2.5 ارب ڈالر کی بچت کا ذریعہ بنا، کھاد سازی، سیمنٹ اور دیگر پاور پلانٹس میں استعمال کر کے سالانہ 8 ارب ڈالر بچائے جا سکتے ہیں۔

بقیہ 45

حدود میں کار سٹینڈ، کمیٹی بازار، میلاد چوک حمید نظامی روڈ سمیت دیہاتوں چک نمبر 119 بھلیر، چک نمبر 120 ڈیرہ بکھسیل سنگھ، چک نمبر 120 ڈوگری، چک نمبر 122 پنڈوریاں، چک نمبر 116 گھلے باجوے، چک نمبر 24 مڑ، چک نمبر 14 روڑی والا، چک نمبر 111 منڈی مڑھ بلوچاں، چھٹہ چک نمبر 46، چک نمبر 118 چور مسلم سمیت دیگر دیہاتوں میں منشیات فروشی سرعام ہونے لگی، سرعام منشیات فروشی کی وجہ سے نوجوان نسل تباہ ہونے لگی، کمیٹی بازار، میلاد چوک، سبزی منڈی، بھلیر، ڈیرہ بکھسیل سنگھ، مڑھ بلوچاں، روڑی والا میں منشیات فروشی ایسے ہونے لگی جیسے علاقہ غیر میں سنا کرتے تھے، علاقہ بھر کی عوامی و سماجی تنظیموں نے سرعام منشیات فروشی کی روک تھام کیلئے ڈی پی او ننکانہ سمیت اعلی حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے

بقیہ 46

الرحمان کو ایسی ایپلی کیشنز کے خلاف فوری کارروائی کی ہدایت کر دی، جس پر فوری عملدرآمد کے تحت اب تک 43 ایپلی کیشنز کو بلاک کر دیا گیا ہے۔ امین الحق نے کہا کہ اس طرح کی کمپنیاں سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن میں رجسٹرڈ ہوتی ہیں، پی ٹی اے کی کارروائیوں میں ایس ای سی پی سے بھی مشاورت و معاونت شامل ہے۔ فیس بک، اور دیگر سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کیذریعے قرضہ دینے والی مافیا سادہ لوح افراد کو بلیک میل کر رہی ہیں، عوام ایسی ایپلی کیشنز کی شکایت، پی ٹی اے، ایف آئی اے سائبر کرائم اور مقامی پولیس کے پاس درج کرائیں۔ وفاقی وزیر آئی ٹی سید امین الحق نے کہا کہ ایف آئی اے سائبر کرائم ونگ شکایات کا انتظار کرنے کے بجائے ایسے عناصر کے خلاف ازخود کارروائی کرے، عوام کی مجبوریوں کا فائدہ اٹھا کر انھیں موت کیا اندھیروں میں دھکیلنے والے عناصر کی سرکوبی ضروری ہے، دھمکیاں، بلیک میلنگ، صارف کے ذاتی ڈیٹا کا استعمال خلاف قانون ہے، قرضہ ہزاروں کا اور واپسی لاکھوں میں ہوتی ہے۔ امین الحق نے مزید کہا کہ صارفین بنا سوچے سمجھے آن لائن، وسوشل میڈیا اشتہارات سے متاثر ہو کر ذاتی ڈیٹا کسی سے شیئر نہ کریں، آن لائن ڈالرز کمانے کی مختلف پوسٹوں پر عمل میں احتیاط ضروری، کوئی رقم یا معلومات فراہم نہ کی جائیں

بقیہ 47

ڈالا جس کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق اور چار زخمی ہو گئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق حادثے کے بعد جاں بحق شخص اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 48

تالے توڑ کر قیمتی سامان لیپ ٹاپ' کمپیوٹر کے ساتھ ساتھ وکلاء کے چیمبر کے باہر لگے ہوئے ایئر کنڈیشنڈ کے آؤٹرز چوری کی وارداتیں عام ہو چکی ہیں۔ نامعلوم چوروں کا گروہ عاصمہ تنویر رندھاوا ایڈووکیٹ کے چیمبر کے ساتھ ساتھ رواں ماہ کے دوران ایک درجن سے زائد وکلاء کے چیمبرز کے تالے توڑ کر لاکھوں روپے مالیت کے لیپ ٹاپ' کمپیوٹرز اور ایئر کنڈیشنڈ کے آؤٹرز اور دیگر سامان چوری کیا گیا۔ آئے روز ضلع کچہری میں بڑھتی ہوئی چوری کی وارداتوں کے باعث وکلاء میں شدید خوف و ہراس پایا جاتا ہے کہ وکلاء کا کہنا ہے کہ رات کو ضلع کچہری میں چوکیدار ہونے کے باوجود وارداتیں لمحہ فکریہ ہے۔ یہ امر قابل ذکر ہے کہ ضلع کچہری میں سی پی او کا دفتر بھی موجود ہے جہاں پر پولیس کی نفری ہمہ وقت تعینات رہتی ہے۔ پولیس ضلع کچہری میں وکلاء کو تحفظ فراہم کرنے میں بھی ناکام ہے جو کہ پولیس کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے۔

بقیہ 49

بتایا کہ گرین بس سروس 8 بسوں پر مشتمل ہے، یہ بس سروس بلیلی اور کوئلہ پھاٹک کے درمیان چلائی جا رہی ہے، یہ بس سروس ایئرپورٹ روڈ، کوئلہ پھاٹک، زرغون روڈ اور سریاب روڈ سے ہوتی ہوئی جامعہ بلوچستان پہنچیں گی

بقیہ 50

ہو گئے، موجودہ حکمرانوں کا ایجنڈا مغرب کا ایجنڈا ہے۔

بقیہ 51

۔ مزید برآں ڈپٹی کمشنر عبداللہ خرم نیازی نے دیہی مرکز صحت کوٹ شاکر اور بنیادی مرکز صحت ماچھیوال کا بھی دورہ کیا۔ انہوں نے مراکز صحت میں مریضوں کو دی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے عملہ کی حاضری سمیت صفائی ستھرائی کا بھی جائزہ لیا۔ اور ادویات کے سٹاک کو بھی چیک کیا گیا۔ ڈاکٹرز کو تمام انتظامات کو مزید موثر بنانے کی ہدایات بھی جاری کیں۔ ڈپٹی کمشنر نے علاج کے لئے آئے ہوئے مریضوں اور ان کے لواحقین سے علاج معالجہ اور طبی سہولیات کی فراہمی کے بارے میں دریافت کیا۔ اس موقع پر انہیں مرکز صحت کے انتظامی و طبی امور سے آگاہ کیا گیا

بقیہ 52

خانے منتقل کر دیا گیا۔ ریسکیو حکام کے مطابق حادثہ تیز رفتاری کے باعث پیش آیا۔

بقیہ 53

انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی اپنے منشور، پروگرام اور کارکردگی کے ساتھ ووٹرز کے پاس جائے گی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ پی پی پی خیبر پختونخوا کی تنظیمیں انتخابات کی تیاری شروع کریں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی غریب عوام کی جماعت ہے اور عوام کی خوشحالی ہی ہمارا منشور ہے، کارکن چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے ہاتھ مضبوط کریں اور ان کی طاقت بنیں۔

بقیہ 54

سیل کر دیں۔ تفصیلات کے مطابق چوہدری غلام مصطفیٰ جٹ نے عوامی شکایات پر شیخ ٹی سٹال، شاکر ٹی سٹال، ایمان ملک شاپ، حافظ ملک شاپ اور کیکس اینڈ بیکس بیکرز کی اچانک چیکنگ کی اور دودھ و دہی مہنگے داموں فروخت کرنے پر انہیں سیل کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ گراں فروشوں، ذخیرہ اندوزوں اور ملاوٹ کرنے والوں کے خلاف اسی شد و مد سے کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی گراں فروش اور ملاوٹ کرنے والے سماج دشمن عناصر کو کسی صورت رعائیت نہیں کی جا سکتی۔

بقیہ 55

متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے، ایس ایس پی انوسٹی گیشن زنیرہ اظفر کا کہنا تھا کہ مارک کردہ درخواستوں پر قانونی کاروائی کر کے رپورٹ پیش کی جائے، تھانہ میں آنے والے شہریوں سے خوش اخلاقی سے پیش آتے ہوئے ان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں، شہریوں کے مسائل کا حل اولین ترجیح ہے جس کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں

بقیہ 56

ہو سکیں گے۔ منصوبہ آئندہ 2 سالوں میں مکمل ہو گا۔ ہسپتال میں او پی ڈی، ایمرجنسی، ریڈیالوجی میڈیکل، آئی سی یو اور بلڈ بینک سمیت دیگر سہولیات میسر آئیں گی

بقیہ 57

لائف) تقریباً ایک سو ایکڑ رقبہ پر Zoo (چڑیا گھر) بنانے کے فیصلہ Zoo بنانے کا عمل زیر غور ہے اس سلسلہ میں محکمہ وائلڈ لائف کے افسران کی اسسٹنٹ کمشنر جڑانوالہ سے بھی میٹنگ ہو چکی ہے اور مقامی پٹواری کے ساتھ جگہ کا بھی وزٹ ہو چکا ہے اور اہم بات یہ ہے کہ اس کام کے لئے چیف منسٹر پنجاب سے بھی ملاقات ہو چکی ہے امید ہے کہ بہت جلد جڑانوالہ کے عوام کو Zoo کی شکل میں ایک تحفہ ملے گا جو تفریح کے لئے بہت اچھا پوائنٹ ہو گا جس سے روزانہ کی بنیاد پر ہزاروں افراد لطف اندوز ہوا کریں گے

بقیہ 58

وجہ سے روڈ پر دوکانداروں کے کاروبار ٹھپ ہو کر رہ گئے ہیں حالیہ مون سون بارشوں کی وجہ سے سروس روڈ نہر کا منظر پیش کرنے لگا سروس روڈ پر سیوریج کا نالہ ہونے سے اور بارشوں کے پانی کی وجہ سے روڈ پر موجود دوکانوں اور گھروں کی بلڈنگ کو شدید نقصان پہنچ رہا ہے بارش کا پانی دوکانوں میں داخل ہونے سے دوکانوں کے مسمار اور کروڑوں روپے کے نقصان کا اندیشہ ہے تاجروں نے احتجاج کرتے ہوئے اعلی حکام سے نوٹس لینے اور سروس روڈ کی جلد تعمیر کرنے اور سیوریج کے پانی کی نکاسی کا مطالبہ کیا ہے

بقیہ 59

کو منائی جائیگی اس سلسلہ میں کراچی سمیت ملک بھر میں تقریبات انعقاد پذیر ہوں گی جس میں مرحوم کے لئے قرآن خوانی کا اہتمام کیا جائے گا شاہنواز بھٹو 27 سال کی عمر میں ستمبر 1977 کو اپنے والد ذوالفقار علی بھٹو کی گرفتاری کے بعد لندن میں چلے گئے تھے وہ 18 جولائی 1985 کو مردہ حالت میں فرانس میں اپنے فلیٹ میں پائے گئے تھے۔

بقیہ 60

سے حاصل ہونے والی رقم 52 ہزار روپے برآمد ہوئے، ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر کا کہنا تھا کہ شہریوں کو انکے قیمتی اثاثے سے محروم کرنے والے ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 61

سال 2022 میں 32379000 ٹن پٹرولیم مصنوعات کی درآمدات ریکارڈ کی گئی تھی۔ جون 2023 میں 1976000 ٹن پٹرولیم مصنوعات کی درآمدات ریکارڈ کی گئی جو جون 2022 کے مقابلہ میں 31 فیصد کم ہے۔ جون 2022 میں ملک میں 2856000 ٹن پٹرولیم مصنوعات کی درآمدات ریکارڈ کی گئی تھیں۔ مئی کے مقابلہ میں جون میں پٹرولیم مصنوعات کے درآمدات ماہانہ بنیادوں پر 4 فیصد کی کمی ہوئی ہے۔ مئی میں 2064000 ٹن پٹرولیم مصنوعات کی درآمدات ریکارڈ کی گئیں جو جون میں کم ہو کر 1976000 ٹن ہو گئی۔ اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ مالی سال کے دوران ہائی سپیڈ ڈیزل کی درآمدات میں سالانہ بنیادوں پر 42 فیصد، پٹرول کی درآمدات میں 16 فیصد اور ایل این جی کی درآمدات میں سالانہ بنیادوں پر 15 فیصد کی کمی ریکارڈ کی گئی ہے

بقیہ 62

ور بھکاریوں کے خلاف آپریشنز کیے۔ اس حوالے سے ترجمان آئی سی ٹی نے کہا کہ اسسٹنٹ کمشنرز نے قیمتوں میں اضافے کے حوالے سے 114 مقامات پر چیکنگ کی، قیمتوں میں اضافے پر 8 ہزار 100 روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔ پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کارروائیوں میں 19 بھکاریوں کو گرفتار کر کے تھانے منتقل کر دیا گیا۔ اس دوران غیر قانونی کلینکس، شیشہ کیفوں اور تجاوزات کے خلاف بھی آپریشن کیا گیا۔ کارروائیوں کے دوران 7 کلوگرام سے زائد پولی تھین بیگز بھی ضبط کئے گئے۔ غیر قانونی پٹرول ایجنسیوں اور ایل پی جی فلنگ سٹیشنز کے خلاف کارروائیوں میں 2 پٹرول ایجنسیوں اور ایک ایل پی جی سٹیشن کو سیل کر کے 2 افراد کو گرفتار کر کے تھانے منتقل کر دیا گیا۔ واضح رہے کہ ضلعی انتظامیہ کا روزانہ کی بنیاد پر تجاوزات، ناجائز منافع خوری، غیر قانونی پٹرول ایجنسیوں، ایل پی جی فلنگ سٹیشن، پیشہ ور بھکاریوں اور دیگر کے خلاف آپریشن جاری ہے

بقیہ 63

بھجوا دی گئی۔ ذرائع کے مطابق فیصل آباد سمیت پنجاب بھر میں 20 سال سے ختم نمبرداروں نظام کو دوبارہ بحال کرنے کے لئے نمبرداری کی 12 ہزار خالی پوسٹوں پر بھرتیاں فاسٹ ٹریک پر کی جائیں گی اور نمبرداری گرانٹس کے تحت نمبرداروں کو 100 کنال زمین ملے گی اور صوبہ میں 38 ہزار نمبرداروں کو 22 اہم ذمہ داریاں دی جائیں گی جن میں نمبردار سرکاری زمینوں سے قبضے چھڑوائیں گے جبکہ سیلاب، ٹڈی دل جیسی آفات میں اپنا کردار ادا کریں گے اور نمبردار صحت، تعلیم اور لائیو سٹاک کے محکموں کی معاونت کریں گے زرعی ٹیکس وصولی کا ذمہ دار نمبردار ہونگے۔ مزید بتایا گیا کہ نظام کی بحالی میں ایک اور 12 بور کے اسلحہ لائسنس کی فیس معافی کا اختیار نمبردار کو ملے گا جبکہ نمبردار اراضی سنٹر میں جائیداد کے انتقال کے وقت فریقین کی تصدیق کرے گا اور نمبردار کے تقرر میں وراثت کے 50 نمبر اور تعلیم کے 50 نمبر ہوں گے ہیں معلوم ہوا ہے کہ نمبرداری نظام کی بحالی کے لئے وزیراعلیٰ سے منظوری کے بعد ان کی بھرتی کا شیڈول جاری کر دیا جائے گا۔

بقیہ 64

بارش بھی برداشت نہیں کر سکا، چیف انجینئر ایل ڈی اے کو خود بخود مستعفی ہو جانا چاہیے تھا۔ لاہور ہائیکورٹ نے جگہ جگہ ٹریفک بلاک کر کے چالان کرنے پر بھی اظہار ناراضگی کیا اور قرار دیا کہ آدھی سڑک بلاک کر کے وارڈنز چالان کر رہے ہیں ہوتے ہیں جس سے ٹریفک جام ہوتی ہے۔ یاد رہے کہ ٹریفک پولیس نے ہیلمٹ قوانین پر عملدرآمد کی تعمیل کو یقینی بنانے کے لیے پنجاب میں مہم شروع کر رکھی ہے جس کے تحت گیریژن سٹی کے پٹرول پمپ ہیلمٹ نہ پہننے والے موٹر سائیکل سواروں کو ایندھن فراہم نہیں کریں گے۔ ڈی آئی جی نے چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی سمیت تمام اضلاع کے چیف ٹریفک افسران اور ڈی پی اوز کو مراسلہ ارسال کر دیا اور ہدایت کی کہ وہ ہیلمٹ سے متعلق قوانین کی پاسداری کو یقینی بنائیں

بقیہ 65

مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔

بقیہ 66

سے کام کرنا چاہیے۔ ڈکٹیٹر یا کسی کو مسلط کرنے سے حالات نہیں سدھر سکتے۔ پانچ سال بعد فیصلہ عوام کو کرنے دیا جائے۔ وہ سانگلہ ہل میں نہر رکھ برانچ پر مڑھ بلوچاں بائی پاس کارپٹ روڈ کا افتتاح کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت کی کارکردگی قابل تحسین ہے۔ وزیراعظم میاں شہباز شریف نے قلیل مدت میں وہ کام کر دکھائے

بقیہ 67

دوران صوبے بھر میں 3 ہزار سے زائد ریسکیو اہلکار تعینات کیے گئے ہیں، 78 ایمبولینس، 20 فائر وہیکلز مختلف امام بارگاہوں کے پاس تعینات کی جائیں گی، 300 سے زائد ایمبولینسز و دیگر آپریشنل گاڑیوں اور اہلکاروں کو بیک اپ سپورٹ کے لیے الرٹ رکھا جائے گا۔ پشاور میں میڈیکل ریسپانس یونٹ (بس) صدر اور کوہاٹی میں موجود رہے گی، ریسکیو 1122 کی جانب سے ماتمی جلوسوں کے ساتھ ریسکیو اہلکار موجود رہیں گے، مختلف مقامات پر میڈیکل کیمپس قائم کیے جائیں گے، عزاداروں کو موقع پر طبی امداد فراہم کی جائے گی جس سے ہسپتالوں پر بوجھ کم پڑے گا۔

اسمبلی مدت پوری کرے گی توڑنے کی تاریخ کا فیصلہ ابھی نہیں ہوا، شرجیل میمن

اسمبلی اپنی مدت پورے کرے گی، توڑنے کی تاریخ کا فیصلہ ابھی نہیں ہوا، فیصلہ پیپلز پارٹی کی لیڈر شپ کی مشاورت کے بعد ہوگا

ہمارے ملک میں قدرتی معدنیات موجود ہیں، معدنیات کو پہاڑوں سے نکال کر مارکیٹ تک رسائی دینے کے لیے کام کررہے ہیں

کراچی (خبر نگار) وزیر اطلاعات سندھ شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ اسمبلی اپنی مدت پورے کرے گی، توڑنے کی تاریخ کا فیصلہ ابھی نہیں ہوا، فیصلہ پیپلز پارٹی کی لیڈر شپ کی مشاورت کے بعد ہوگا۔ کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے وزیر اطلاعات سندھ شرجیل انعام میمن نے کہا کہ سندھ حکومت روزگار بڑھانے کیلئے اقدامات کررہی ہے، پاکستان کو اشد ضرورت ہے کہ انڈسٹریز لگیں، دھابیجی اکنامک زون شروع کیا ہے، چیئرمین بلاول بھٹو نے کہا ہے کہ لوگوں کو روزگار کے مزید مواقع فراہم کئے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے ملک میں قدرتی معدنیات موجود ہیں، معدنیات کو پہاڑوں سے نکال کر مارکیٹ تک رسائی دینے کے لیے کام کررہے ہیں، سیلاب کی وجہ سے انٹرنیشنل انویسٹر کانفرنس کرنے جارہے تھے جو ملتوی ہوئی، ہم عوام کو بہتر سہولت (بقیہ نمبر32)

اسلام آباد: سی ڈی ڈبلیو پی کا اجلاس کل طلب، ایجنڈا جاری کر دیا گیا

فوجی عدالتوں میں شہریوں کا ٹرائل، حکومت نے سپریم کورٹ میں جواب جمع کروادیا

درخواست گزار ہائی کورٹس سے رجوع کرسکتے ہیں، آرمی ایکٹ اور آفیشل سیکرٹ ایکٹ آئینِ پاکستان میں پہلے سے موجود ہیں، وفاقی حکومت

آرمی اور آفیشل سیکرٹ ایکٹ کے تحت کیے گئے اقدامات قانون کے مطابق درست ہیں، سپریم کورٹ براہِ راست اس کیس کو نہ سنے، موقف

اسلام آباد (خصوصی خبر نگار) سپریم کورٹ آف پاکستان میں فوجی عدالتوں میں شہریوں کے ٹرائل کے خلاف کیس میں وفاقی حکومت نے تحریری جواب جمع کروادیا۔ سپریم کورٹ آف پاکستان میں فوجی عدالتوں میں شہریوں کے ٹرائل کے خلاف کیس میں وفاقی حکومت کی جانب سے ایک بار پھر فل کورٹ تشکیل دینے کی استدعا کی گئی ہے۔ 31 صفحات پر مشتمل جواب اٹارنی جنرل کی جانب سے جمع کروایا گیا ہے، وفاقی حکومت کی جانب سے فوجی عدالتوں کے خلاف درخواستیں ناقابلِ سماعت قرار دینے کی استدعا کی گئی ہے۔ وفاقی حکومت نے جمع کرائے گئے جواب میں کہا ہے کہ درخواست گزار ہائی کورٹس سے رجوع کر سکتے ہیں، آرمی ایکٹ اور آفیشل سیکرٹ ایکٹ آئینِ پاکستان میں پہلے سے موجود ہیں۔ وفاقی حکومت نے موقف میں کہا کہ ان دونوں (بقیہ نمبر 31)

اسلام آباد: نئی مردم شماری منظور نہ ہوتو پرانی پر الیکشن ہوتے ہیں، اعظم نذیر تارڑ

پرویز الٰہی کی نظر بندی کے احکامات لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج

دہشت گردی مقدمات میں بھی پرویز الٰہی کو ضمانت مل چکی ہے، درخواست کا متن

عدالت نے استفسار کیا کہ آپ کو کوئی مسئلہ ہے؟۔ پرویز الٰہی نے کہا کہ وہاں مسائل ہی مسائل ہیں

لاہور (جنرل رپورٹر) پرویز الٰہی کی نظر بندی کے احکامات کو عدالت میں چیلنج کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق سابق وزیر اعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی کی نظر بندی کے احکامات کیخلاف لاہور ہائیکورٹ میں درخواست دائر کر دی گئی ہے، درخواست میں مؤقف اختیار کیا گیا کہ پرویز الٰہی کو سیاسی انتقام کا نشانہ بنایا جا رہا ہے، پرویز الٰہی کی تمام مقدمات میں ضمانت منظور ہو چکی ہے۔ درخواست میں مزید کہا گیا کہ دہشت گردی مقدمات میں بھی سابق وزیر اعلیٰ پنجاب کو ضمانت مل چکی ہے۔ درخواست (بقیہ نمبر 33)

صادق آباد پولیس کی اہم کارروائی، 02 ملزمان گرفتار

ملزمان سے مسروقہ رقم 06 لاکھ روپے، 04 تولے سونا اور اسلحہ برآمد

ملزمان کتنے ہی شاطر کیوں نہ ہوں قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے، ایس پی راول فیصل سلیم

راولپنڈی (اسپیشل رپورٹر) صادق آباد پولیس کی اہم کارروائی، نقب زنی کی واردات میں ملوث 02 ملزمان گرفتار، ملزمان سے مسروقہ رقم 06 لاکھ روپے، 04 تولے سونا اور اسلحہ برآمد۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے نقب زنی کی واردات میں ملوث 02 ملزمان کو گرفتار کرلیا، ملزمان کی شناخت عمر فاروق اور عباس احمد کے نام سے ہوئی ہے، ملزمان سے مسروقہ رقم 06 لاکھ روپے، 04 تولے سونا اور اسلحہ برآمد ہوا، ملزمان نے 04 روز قبل گھر سے سونا اور رقم چوری کی تھی، ایس پی راول (بقیہ نمبر 34)

الیکشن کمیشن آف پاکستان
ELECTION COMMISSION OF PAKISTAN

اسلام آباد: الیکشن کمیشن نے 20 جون تک ووٹرز کے اعداد و شمار جاری کر دیئے

پرویز خٹک کی نئی سیاسی جماعت کے اعلان کے بعد سینئر صحافی کا ٹویٹ

پی ٹی آئی کے باقی الیکٹیبلز کو بھی یہاں آنا ہوگا ورنہ باہر بھاگنا یا جیل جانا ہوگا۔ سلیم صافی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) سابق وفاقی وزیر پرویز خٹک نے نئی سیاسی جماعت کا اعلان کر دیا۔ پرویز خٹک کی جانب سے ’پی ٹی آئی پارلیمنٹیرینز‘ کے نام سے ایک سیاسی جماعت کا باقاعدہ اعلان کیا گیا۔ سابق وزیر اعلیٰ محمود خان بھی پرویز خٹک کی جماعت میں شامل ہوگئے۔ بتایا گیا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف کے 57 سابق ارکان اسمبلی نے پرویز خٹک کی حمایت کا اعلان کیا۔ پی ٹی آئی کے سابق صوبائی وزیر اشتیاق ارمڑ اور شوکت علی نئی جماعت کا حصہ ہیں۔ ارکان اسمبلی نے 9 مئی کے واقعات کے (بقیہ نمبر 39)

رائیونڈ ڈاکو راج، نان سٹاپ وارداتیں، موبائل شاپ پر 24 لاکھ کا ڈاکہ

رائیونڈ (نیوز رپورٹر) رائیونڈ ڈاکو راج، نان سٹاپ وارداتیں، موبائل شاپ پر 24 لاکھ کا ڈاکہ، پولیس خاموش تماشائی، تاجر عدم تحفظ کا شکار، ایس ایچ او، ڈاکوؤں کی گرفتاری کے فوٹو سیشن رائیونڈ کی تاریخ میں بر آمدگی آج تک نہیں ہوئی، انچارج انویسٹی گیشن، ڈولفن ٹیم اور عرصہ دراز سے تعینات عملہ کی ٹرانسفر کا مطالبہ، گذشتہ روز سر (بقیہ نمبر 38)

شہباز، زرداری ملاقات نے دبئی فیصلوں پر مہر ثبت کر دی، شاہ محمود قریشی

اسمبلی کی تحلیل اور نگران وزیر اعظم کیلئے 2 بڑی سیاسی جماعتوں نے فیصلے کئے

بیٹھک نے دبئی فیصلوں پر مہر ثبت کردی، سب جانتے ہیں اس ملاقات میں کیا تبادلہ خیال ہوا

ملتان (نیوز رپورٹر) شاہ محمود قریشی کا کہنا ہے کہ شہباز، زرداری ملاقات نے دبئی فیصلوں پر مہر ثبت کر دی، فیصلے ہو چکے ہیں اور مشاورت باقی ہے، سب جانتے ہیں اس ملاقات میں کیا گفتگو ہوئی۔ تفصیلات کے مطابق وائس چیئرمین تحریک انصاف شاہ محمود قریشی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ ماڈل ٹاؤن لاہور میں ہونے والی بیٹھک نے دبئی فیصلوں پر مہر ثبت کردی، سب جانتے ہیں اس ملاقات میں کیا تبادلہ خیال ہوا۔ اسمبلی کی تحلیل اور نگران وزیر اعظم کیلئے 2 بڑی سیاسی جماعتوں نے فیصلے کئے۔ انہوں نے سوال اٹھاتے ہوئے کہا کہ یہ واضح ہوگیا نگران سیٹ اپ کس نوعیت کا ہوگا، ملک کے مستقبل کا فیصلہ 2 جماعتوں نے کرنا ہے یا عوام نہیں۔؟ شاہ محمود قریشی نے انتخابی قوانین میں ترامیم پر قائم پارلیمانی پارٹی کے اجلاس پر کہا کہ انتخابی اصلاحات عجلت میں کی جارہی ہیں، پی ٹی آئی اہم اسٹیک ہولڈر ہے، اعتماد میں لینا چاہیے۔ سابق وزیر خارجہ کا استحکام پاکستان پارٹی اور راجہ ریاض پر تنقید کرتے ہوئے کہنا تھا کہ لگتا ہے (بقیہ نمبر 37)

سویلیز کا فوجی عدالتوں میں ٹرائل، عابد زبیری کی درخواست قابلِ سماعت قرار

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) سپریم کورٹ میں سویلنز کے فوجی عدالتوں میں ٹرائل سے متعلق درخواستوں کا معاملہ، عابد زبیری کی درخواست کو نمبر الاٹ کردیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق عدالت عظمٰی نے سویلیز کے فوجی عدالتوں میں ٹرائل کیخلاف صدر سپریم کورٹ بار عابد زبیری کی درخواست کو قابلِ سماعت قرار دے دیا ہے، رجسٹرار آفس سپر (بقیہ نمبر 36)

مانسہرہ، ٹی ایم اے انتظامیہ کا امام بارگاہ کا دورہ

عاشورہ کے دنوں میں درپیش آنے والے مسائل کا جائزہ لیا

مانسہرہ (جنرل رپورٹر) چیئرمین تحصیل مانسہرہ اور ٹی ایم او کی خصوصی ہدایت پر ٹی او آر اور اے ٹی او آر انفورسمنٹ انسپکٹر، سینی ٹیشن آفیسر اور الیکٹریکل آفیسرز نے امام بارگاہ کا دورہ کیا اور عاشورہ کے دنوں میں درپیش آنے والے مسائل کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے اے سی مانسہرہ کے ساتھ بھی ملاقات کی اور سکیورٹی کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا۔ پرٹی او آر اور اے ٹی او آر انفورسمنٹ انسپکٹر، سینی ٹیشن آفیسر اور الیکٹریکل آفیسرز نے امام بارگاہ کا دورہ کیا اور عاشورہ کے دنوں میں درپیش آنے (بقیہ نمبر 35)

پنجاب، مختلف ٹریفک حادثات میں میاں بیوی سمیت 5 افراد جاں بحق

دیپالپور میں پاکپتن روڈ پر تیز رفتار ٹرالی نے موٹر سائیکل کو ٹکر ماردی، 19 زخمی

قریب ویگن ٹائر برسٹ ہونے سے موٹر سائیکل سے جاٹکرائی، دو افراد جاں بحق، 8 زخمی

رائے ونڈ/ننکانہ صاحب/دیپالپور (جنرل رپورٹر) پنجاب کے مختلف شہروں میں ٹریفک حادثات کے دوران میاں بیوی سمیت 3 افراد جاں بحق جبکہ 11 زخمی ہوگئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق ننکانہ صاحب موٹر وے ایم 3 نزد کالونی نہر پر تیز رفتار بس بے قابو ہو کر ٹرک سے ٹکرا گئی جس کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق جبکہ 11 افراد شدید زخمی ہوئے۔ ریسکیو ذرائع کا کہنا ہے کہ 6 زخمیوں کو ریسکیو 1122 عملے نے موقع پر طبی امداد فراہم کی جبکہ پانچ افراد کو ریسکیو اور موٹروے پولیس کے عملہ نے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز ہسپتال منتقل کر دیا۔ ایک اور افسوس ناک حادثہ دیپالپور میں پاکپتن روڈ پر پیش آیا جہاں اڈہ دلاور کوٹ کے قریب تیز رفتار ٹرالی نے موٹر سائیکل کو ٹکر ماردی۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق حادثے کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار میاں بیوی جاں بحق ہوگئے، جاں بحق میاں بیوی کی شناخت افضل اور ممتاز بی بی کے نام سے ہوئی ہے۔ ٹریکٹر ٹرالی ڈرائیور موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا جبکہ (بقیہ نمبر 40)

ڈپٹی سپیکر قومی اسمبلی کی قیادت میں پارلیمانی وفد نیویارک میں پائیدار ترقی کے اہداف پر اعلی سطحی فورم میں پاکستان کی نمائندگی کرے گا

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) ڈپٹی سپیکر قومی اسمبلی زاہد اکرم درانی کی قیادت میں پارلیمانی وفد 18 جولائی کو پائیدار ترقی کے اہداف (ایس ڈی جیز) بارے نیویارک میں اقوام متحدہ کے اعلیٰ سطحی فورم میں پاکستان کی نمائندگی کرے گا، قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کے مطابق پائیدار ترقی کے اہداف پر ہونے والے اجلاس کا مقصد 2015 میں پائیدار ترقی کے اہداف کے حصول کیلئے مرتب کیا گیا ایجنڈا 2030 پر اب تک ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لینا ہے۔ اجلاس پارلیمانوں کو اپنے ادارہ جاتی طریقہ کار میں تبدیلی، (بقیہ نمبر 41)

دریائے ستلج میں تحصیل منچن آباد ضلع بہاولنگر کے علاقے میں واقع رتیکی ڈھاری پر بوڑھا شخص توڑی کی ڈھر کو پکڑتے ہوئے ڈوب گیا

اوکاڑہ (نیوز رپورٹر) دریائے ستلج میں تحصیل منچن آباد ضلع بہاولنگر کے علاقے میں واقع رتیکی ڈھاری پر بوڑھا شخص توڑی کی ڈھر کو پکڑتے ہوئے ڈوب گیا ریسکیو ٹیم اوکاڑہ نے فوری ریسپانس کرتے ہوئے بوڑھے شخص کی نعش کو نکال لیا۔ بوڑھے شخص کی نعش کو باعزت طریقے سے کشتی کے ذریعے آبائی گھر میں پہنچا دیا گیا۔ ڈوبنے والے شخص کی شناخت علی احمد ولد باغ علی کے نام سے ہوئی جس کی (بقیہ نمبر 42)

فیصل آباد، شہر اور گردونواح میں چوری، ڈکیتی وراہزنی کی وارداتوں کا سلسلہ جاری

فیصل آباد (کرائم رپورٹر) فیصل آباد شہر اور گردونواح میں چوری، ڈکیتی وراہزنی کی وارداتوں کا سلسلہ جاری، مزید 130 سے زائد وارداتیں، ڈاکو مختلف وارداتوں کے دوران لاکھوں کا مال وزر لوٹ کر فرار ہوگئے، جبکہ متعدد شہریوں کو موٹر سائیکلوں سے محروم کردیا گیا۔ پولیس شہر بھر کی ناکہ بندیوں کے باوجود سماج دشمن عناصر کے گروہوں کو پکڑنے میں کامیاب نہ ہو سکی۔ تفصیلات کے مطابق (بقیہ نمبر 43)

نیپرا کی جانب سے کپیسٹی چارجز شامل کرکے بجلی مہنگی کیے جانے کا انکشاف

نئیب دستاویزات کے مطابق بجلی کی اصل اوسط پیداواری قیمت 6 روپے 73 پیسے فی یونٹ ہے

رواں سال کے اختتام تک کان کی توسیع کا تیسرا مرحلہ مکمل ہوگا اور سالانہ پیداواری گنجائش 11.5 ملین ٹن تک بڑھ جائیگی

اسلام آباد (نامہ نگار) نیپرا کی جانب سے کپیسٹی چارجز شامل کر کے بجلی مہنگی کیے جانے کا انکشاف ہوا ہے۔ رپورٹ کے مطابق بجلی مہنگی ہونے سے متعلق نیپرا کی دستاویزات میں اہم انکشافات سامنے آئے جن کے مطابق بجلی کی اصل اوسط پیداواری قیمت 6 روپے 73 پیسے فی یونٹ ہے جب کہ نیپرا نے بجلی کی پیداواری قیمت میں 16 روپے 22 پیسے فی یونٹ کپیسٹی چارجز شامل کر دیے ہیں۔ جس سے بجلی کی قیمت 6 روپے سے 22 روپے 95 پیسے فی یونٹ ہوگی۔ کپیسٹی چارجز شامل کر کے بجلی مہنگی کی جاتی ہے۔ رپورٹ میں مزید بتایا گیا ہے کہ نیپرا کی دستاویزات کے مطابق نیپرا نے رواں مالی سال کے (بقیہ نمبر 44)

کوئٹہ: میری حکومت گرانے میں پی ٹی آئی کا کردار سب کو معلوم ہے: جام کمال

ڈمپر نے 3 گاڑیوں کو روند ڈالا، ایک شخص جاں بحق، 4 زخمی

حادثے کے بعد جاں بحق شخص اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کردیا گیا ہے

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی میں ٹریفک حادثے کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق، 4 زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق کچہری سے روات جانے والے تیز رفتار ڈمپر نے سواں پل پر 2 گاڑیوں اور سوزوکی پک اپ کو روند ڈالا جس کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق اور چار زخمی ہوگئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق حادثے کے بعد جاں بحق شخص اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کردیا گیا ہے۔ راولپنڈی میں ٹریفک حادثے کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق، 4 زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق کچہری سے روات جانے والے تیز رفتار ڈمپر نے سواں پل پر 2 گاڑیوں اور سوزوکی پک اپ کو روند (بقیہ نمبر 47)

راولپنڈی: تیز رفتار ڈمپر نے 5 گاڑیوں کو روند ڈالا، 4 افراد جاں بحق

وزیر آئی ٹی کی پی ٹی اے کو غیر قانونی قرضہ ایپلی کیشنز بلاک کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وفاقی وزیر آئی ٹی وٹیلی کمیونیکیشن نے غیر قانونی قرضہ ایپلی کیشن کیخلاف سخت کارروائی کا آغاز کردیا۔ امین الحق نے چیئرمین پی ٹی اے میجر جنرل حفیظ (بقیہ نمبر 46)

سانگلہ ہل شہر بھر اور گردونواح میں منشیات فروشی عروج پر پہنچ گئی

منشیات فروشی کی روک تھام کیلئے ڈی پی او ننکانہ سمیت اعلی حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے

ننکانہ صاحب (کرائم رپورٹر) سانگلہ ہل شہر بھر اور گردونواح میں منشیات فروشی عروج پر پہنچ گئی۔ سماجی تنظیموں کے نمائندگان کا ڈی پی او ننکانہ سے نوٹس لینے کا مطالبہ۔ سانگلہ ہل شہر بھر اور گردونواح کے دیہاتوں میں منشیات فروشی عروج پر پہنچ گئی۔ نوجوان نسل تباہ ہونے لگی۔ تفصیلات کے مطابق سانگلہ ہل سٹی کے محلہ احمد آباد، محلہ پرانا چور، محلہ آباد، محلہ طارق آباد مچھر کالونی، سبزی منڈی، ریلوے (بقیہ نمبر 45)

امیر جماعت اسلامی سراج الحق کا وزیر اعظم سے ملک میں سودی نظام ختم کرنے کا مطالبہ

سود معاشی برائیوں کی جڑ ہے اس کے خلاف جہاد کر رہے ہیں، سود کے مکمل خاتمے تک جہاد جاری رہے گا، سراج الحق

وزیراعظم 15، 20 دن کے اندر ملک میں سودی نظام ختم کریں اور سود کی بنیاد پر لیے گئے صنعتی قرضوں کا بھی خاتمہ کیا جائے

پشاور (سٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا ہے کہ وزیراعظم 15، 20 دن کے اندر ملک میں سودی نظام ختم کریں اور سود کی بنیاد پر لیے گئے صنعتی قرضوں کا بھی خاتمہ کیا جائے۔ پشاور میں کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا ہے کہ سود معاشی برائیوں کی جڑ ہے اس کے خلاف جہاد کر رہے ہیں، سود کے مکمل خاتمے تک جہاد جاری رہے گا، ملک میں ظالمانہ اور کرپشن زدہ نظام قائم ہے، سود کے خلاف قانونی جنگ جیتی ہے، حکومت نے اگر سودی نظام ختم نہیں کیا تو ان کے خلاف جنگ کا اعلان کرتا ہوں۔ سراج الحق نے مزید کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں جب ہمیں موقع ملا تھا تو سود کے خاتمے کیلئے موثر اقدامات کیے، جب چوروں کے ہاتھوں میں حکومت ہوگی تو چوری کیسے ختم ہوگی، نواز شریف نے سودی نظام کے خاتمے کا وعدہ کیا تھا لیکن پورا نہیں کیا، پی ڈی ایم کی حکومت مولانا فضل الرحمان کے ہاتھوں میں ہے، ان کے ہوتے ہوئے بھی شرح سود بڑھتا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا پی ڈی ایم نے سودی نظام ختم کرنے کے بجائے شرح سود بڑھا دیا، موقع ملا تو ملک سے سودی نظام ختم کریں گے، پی ٹی آئی کی حکومت میں مہنگائی کیخلاف بلاول اور فضل الرحمان احتجاج کیا کرتے تھے، آج گزشتہ حکومت سے زیادہ مہنگائی ہے لیکن سب چپ ہیں، پندرہ مہینے میں صوبے میں کرپشن کے ریکارڈ قائم (بقیہ نمبر50)

کوئٹہ میں گرین لائن بس سروس کا افتتاح

بس بلیلی تا کوئلہ پھاٹک چلائی جارہی ہے، روٹ 18 کلومیٹر طویل ہے

کوئٹہ (نیوز رپورٹر) کوئٹہ میں گرین لائن بس سروس کا آغاز کردیا گیا، بس بلیلی تا کوئلہ پھاٹک چلائی جارہی ہے جس کا روٹ اٹھارہ کلومیٹر طویل ہے۔ آج چیف سیکریٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی نے کوئٹہ کے علاقے بلیلی میں گرین بس سروس کا افتتاح کردیا، بس میں 41 افراد کی بیٹھنے اور 20 افراد کے کھڑے ہوکر سفر کرنے کی گنجائش ہے۔ افتتاح کے بعد میڈیا سے گفتگو میں چیف سیکریٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی نے بتایا کہ گرین بسز یہ کا پہلا فیز ہے جلد مزید 20 بسز لائیں گے، بسوں کی کمی کی وجہ سے اسے دو یونیورسٹیوں کے درمیان چلایا جارہا ہے، سابق وزیراعلی جام کمال خان نے اس منصوبے کو منظور کرایا تھا۔ عبدالعزیز عقیلی نے بتایا کہ اس وقت بسوں کا روٹ 18 کلومیٹر طویل ہے، ہر 15 منٹ کے بعد بس آتی رہے گی، گرین بس سروس صبح 7 بجے سے شام 8 بجے تک چلے گی، فیز 2 کیلئے ہزار گنجی، سبزل روڈ، میاں غنڈی اور ہزارہ ٹاو ?ن کا انتخاب کیا گیا ہے۔ ڈپٹی سیکریٹری ٹرانسپورٹ منور حسین مگسی نے (بقیہ نمبر 49)

فیصل آباد: ضلع کچہری میں وکلاء کے چیمبرز میں چوری کی وارداتیں بڑھ گئیں

فیصل آباد (جنرل رپورٹر) ضلع کچہری میں وکلاء کے چیمبرز میں چوری کی وارداتیں بڑھ گئیں، آئے روز ہونے والی وارداتوں کے باعث وکلاء میں غم وغصہ کے ساتھ ساتھ خوف وہراس بھی پھیل گیا جبکہ پولیس ضلع کچہری میں وارداتیں کرنے والے چوروں کے گروہ کا سراغ نہ لگا سکی۔ تفصیل کے مطابق ضلع کچہری میں آئے روز وکلاء کے چیمبر کے (بقیہ نمبر 48)

اسلام آباد: رواں ہفتے مزید مون سون بارشوں کی پیش گوئی

ڈپٹی کمشنر عبداللہ خرم نیازی کا دریائے جہلم کے بیٹ کے علاقہ کا دورہ

بہترین انتظامات کیلئے علاقہ کے نمبرداروں، زمینداروں سے میٹنگ بھی کی گئی

عبداللہ خرم نیازی نے دیہی مرکز صحت کوٹ شاکر اور بنیادی مرکز صحت ماچھیوال کا بھی دورہ کیا

جھنگ (جنرل رپورٹر) ڈپٹی کمشنر عبداللہ خرم نیازی نے دریائے جہلم کے بیٹ کے علاقہ کا دورہ کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر، ریونیو افسران بھی ہمراہ تھے۔ اس موقع پر ممکنہ سیلاب کے پیش نظر بہترین انتظامات کیلئے علاقہ کے نمبرداروں، زمینداروں سے میٹنگ بھی کی گئی۔ ڈپٹی کمشنر نے سیلاب کے حوالے سے علاقہ مکینوں سے بھی دریافت کیا۔ ماچھی والا پتن، چنڈ بھروانہ اور ملحقہ علاقوں میں بھی گئے۔ ڈپٹی کمشنر نے مگھیانہ، کوٹ عیسیٰ اور چیلہ سے ملحقہ علاقوں میں بھی جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ ضلعی انتظامیہ ممکنہ سیلاب کی صورتحال کے پیش نظر تمام تر پیشگی انتظامات مکمل کر رہی ہے (بقیہ نمبر 51)

قومی وصوبائی اسمبلی کے امیدواروں کا پیپر ورک جلد مکمل کرلیا جائے گا، سیکرٹری اطلاعات پی پی پی خیبر پختونخوا

پشاور (جنرل رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی خیبر پختونخوا کے سیکرٹری اطلاعات امجد خان آفریدی نے کہا ہے کہ آئندہ عام انتخابات کیلئے قومی اور صوبائی اسمبلی کے امیدواروں کا پیپر ورک جلد مکمل کرلیا جائے گا۔ انہوں نے پیر کو ایک بیان میں کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی انتخابات کے لئے تیار ہے، پارلیمانی بورڈ میں ٹکٹوں کا حتمی فیصلہ کریں گے۔ (بقیہ نمبر 53)

ایس ایس پی انوسٹی گیشن کی پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری

شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے

مارک کردہ درخواستوں پر قانونی کاروائی کر کے رپورٹ پیش کی جائے، زنیرہ اظفر

راولپنڈی (جنرل رپورٹر) ایس ایس پی انوسٹی گیشن زنیرہ اظفر کی پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری، شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے، مارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے احکامات پر قانونی کاروائی کر کے رپورٹ پیش کی جائے۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی انوسٹی گیشن زنیرہ اظفر نے پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، ایس ایس پی انوسٹی گیشن نے شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے، ایس ایس پی انوسٹی گیشن زنیرہ اظفر کا کہنا تھا کہ مارک کردہ درخواستوں پر قانونی کاروائی کر کے رپورٹ پیش کی جائے، تھانہ میں آنے والے شہریوں سے خوش اخلاقی سے پیش آتے ہوئے ان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں، شہریوں کے مسائل کا حل اولین ترجیح ہے جس کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں۔ مارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے احکامات پر قانونی کاروائی کر کے رپورٹ پیش کی جائے۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی انوسٹی گیشن زنیرہ اظفر نے پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، ایس ایس پی انوسٹی گیشن نے شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کے لیے (بقیہ نمبر 55)

وفاقی وزیر صحت عبدالقادر پٹیل نے پمز اسلام آباد میں نیشنل کینسر ہسپتال کا سنگ بنیاد رکھا

ہسپتال میں او پی ڈی، ایمرجنسی، ریڈیالوجی میڈیکل، آئی سی یو اور بلڈ بینک سمیت دیگر سہولیات میسر آئیں گی

گلگت بلتستان کشمیر، خیبر پختونخوا اور ضم شدہ اضلاع کے لوگ بھی اس موذی مرض کے بین الاقوامی معیار کے علاج سے مستفید ہوسکیں

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) وفاقی وزیر برائے قومی صحت عبدالقادر پٹیل نے پاکستان انسٹیٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز (پمز) اسلام آباد میں نیشنل کینسر ہسپتال کا سنگ بنیاد رکھ دیا۔ نیشنل کینسر ہسپتال میں اسلام آباد، راولپنڈی کے ساتھ ساتھ گردونواح کے علاقوں بشمول گلگت بلتستان کشمیر، خیبر پختونخوا اور ضم شدہ اضلاع کے لوگ بھی اس موذی مرض کے بین الاقوامی معیار کے علاج سے مستفید ہوسکیں گے۔ منصوبہ آئندہ 2 سالوں میں مکمل ہوگا۔ ہسپتال میں او پی ڈی، ایمرجنسی، ریڈیالوجی میڈیکل، آئی سی یو اور بلڈ بینک سمیت دیگر سہولیات میسر آئیں گی۔ وفاقی وزیر برائے قومی صحت عبدالقادر پٹیل نے پاکستان انسٹیٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز (پمز) اسلام آباد میں نیشنل کینسر ہسپتال کا سنگ بنیاد رکھ دیا۔ نیشنل کینسر ہسپتال میں اسلام آباد، راولپنڈی کے ساتھ ساتھ گردونواح کے علاقوں بشمول گلگت بلتستان کشمیر، خیبر پختونخوا اور ضم شدہ اضلاع کے لوگ بھی اس موذی مرض کے بین الاقوامی معیار کے علاج سے مستفید (بقیہ نمبر 56)

فیصل آباد تحصیل جڑانوالہ کے عوام کیلئے محکمہ جنگلات (وائلڈ لائف) تقریباً ایک سوا ایکڑ رقبہ پر Zoo (چڑیا گھر) بنانے کے فیصلہ

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) تحصیل جڑانوالہ کے عوام کیلئے محکمہ جنگلات (وائلڈ (بقیہ نمبر 57)

موٹروے پر مسافر بس ٹرک سے ٹکرا گئی، ایک شخص جاں بحق، گیارہ زخمی

ریسکیو ٹیموں نے حادثے کا شکار ہونے والے زخمیوں کو قریبی ہسپتال منتقل کر دیا

ننکانہ (نیوز رپورٹر) موٹروے پر مسافر بس کے ٹرک سے ٹکرانے کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق، 11 زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق ننکانہ صاحب موٹروے ایم تھری پر مسافر بس ٹرک سے ٹکرا گئی جس کے باعث ایک مسافر موقع پر ہی جان کی بازی ہار گیا جب کہ 11 مسافر زخمی ہوگئے۔ ریسکیو ٹیموں نے حادثے کا شکار ہونے والے زخمیوں کو قریبی ہسپتال منتقل کر دیا، جبکہ لاش کو مردہ (بقیہ نمبر 52)

ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر محمد ذیشان حنیف کی ہدایات کی روشنی میں انتظامی افسران گراں فروشوں کے خلاف متحرک

اوکاڑہ (نیوز رپورٹر) ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر محمد ذیشان حنیف کی ہدایات کی روشنی میں انتظامی افسران گراں فروشوں کے خلاف متحرک۔ اسسٹنٹ کمشنر اوکاڑہ غلام مصطفیٰ جٹ نے دودھ اور دہی مقررہ نرخوں سے زائد پر فروخت کرنے پر متعدد دکانیں (بقیہ نمبر 54)

اسلام آباد ضلعی انتظامیہ کی کارروائیاں، ناجائز منافع خوری پر 8 ہزار روپے جرمانہ، 19 پیشہ ور بھکاری گرفتار

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) اسلام آباد ضلعی انتظامیہ نے کارروائیاں کرتے ہوئے ناجائز منافع خوری پر 8 ہزار روپے جرمانہ اور 19 پیشہ ور بھکاریوں کو گرفتار کرلیا۔ ڈپٹی کمشنر اسلام آباد کی ہدایت پر تمام اسسٹنٹ کمشنرز نے اپنے اپنے علاقوں میں قیمتوں میں اضافے، تجاوزات، غیر قانونی پٹرول ایجنسیوں، ایل پی جی فلنگ سٹیشنز اور پیشہ (بقیہ نمبر 62)

پاکستان میں پٹرول کی اصل قیمت 161 روپے بنتی ہے

پٹرول پر 91 روپے 36 پیسے اور ڈیزل پر 87 روپے 49 پیسے فی لیٹر ٹیکسز وصول کیے جاتے ہیں

اسلام آباد (نامہ نگار) پاکستان میں پٹرول کی اصل قیمت 161 روپے جب کہ ڈیزل کی 166 روپے فی لیٹر بنتی ہے۔ میڈیا رپورٹ میں بتایا گیا کہ دستاویزات کے مطابق پٹرول پر 91 روپے 36 پیسے اور ڈیزل پر 87 روپے 49 پیسے فی لیٹر ٹیکسز عائد ہیں۔ ریفائن شدہ پٹرول پر 71 روپے 83 پیسے جب کہ ریفائن شدہ ڈیزل پر 67 روپے 96 پیسے ٹیکسز عائد ہیں۔ پٹرول کی ایکس ریفائنری قیمت 181 روپے 70 پیسے، ڈیزل کی ایکس ریفائنری قیمت 190 روپے 21 پیسے ہے۔ ریفائن ہونے سے پہلے پٹرول و ڈیزل پر 19 روپے 53 پیسے ٹیکسز لاگو ہیں۔ جب کہ ملک میں پٹرولیم مصنوعات کی درآمدات میں گزشتہ مالی سال کے دوران سالانہ بنیادوں پر 24 فیصد کی کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ اوسی اے سی اور انڈسٹری کے اعداد و شمار کے مطابق مالی سال 2023 میں پٹرولیم مصنوعات کی درآمدات کا حجم 24488000 ٹن ریکارڈ کی گئی جو مالی سال 2022 کے مقابلہ میں 24 فیصد کم ہے۔ مالی (بقیہ نمبر 61)

روڈ تاخیر کا شکار، سروس روڈ کے سیوریج کے بند نالے سے دوکاندار شدید پریشان، کاروبار ٹھپ

نیشنل ہائی وے کے افسران و ٹھیکدار کی غفلت ولاپرواِئی

حبیب آباد بائی پاس پر سروس روڈ شہریوں کے لیے عذاب بن گیا

روڈ تاخیر کا شکار، سروس روڈ کے سیوریج کے بند نالے سے دوکاندار شدید پریشان، کاروبار ٹھپ

حبیب آباد (رشید احمد نعیم) حبیب آباد بائی پاس پر سروس روڈ شہریوں کے لیے عذاب بن گیا نیشنل ہائی وے کے افسران و ٹھیکدار کی غفلت اور لاپرواِئی سے سروس روڈ تاخیر کا شکار، سروس روڈ کے سیوریج کے بند نالے سے دوکاندار شدید پریشان، کاروبار ٹھپ۔ دوکانوں کے مسمار اور کروڑوں روپے کے نقصان کا خطرہ نیشنل ہائی وے کی جانب سے ایک سال قبل بائی پاس حبیب آباد پر سروس روڈ کی تعمیر کا آغاز کیا گیا تھا مگر سروس روڈ کا کام کو ادھورا چھوڑ دیا گیا نیشنل ہائی وے کے افسران اور ٹھیکدار کی غفلت اور لاپرواہی سے سروس روڈ تاخیر کا شکار ہے سروس روڈ پر بنا سیوریج کا نالہ مکمل تعمیر نہ ہونے کی (بقیہ نمبر 58)

فیصل آباد سمیت پنجاب بھر میں 20 سال ختم نمبرداری نظام کو دوبارہ بحال کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) فیصل آباد سمیت پنجاب بھر میں 20 سال ختم نمبرداری نظام کو دوبارہ بحال کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا۔ جس کے لئے مختلف اضلاع کی 9 کمشنر اور 27 ڈپٹی کمشنر کی تجاوز پر سمری تیار کر کے منظوری کے لئے وزیر اعلیٰ کو (بقیہ نمبر 63)



پشاور: پی ٹی آئی نے الیکشن کا وقت کیوں ضائع کیا؟، یہ سوال بہت گہرا ہے: پرویز خٹک

چارسدہ پولیس کی کارروائی، دو منشیات سمگلر گرفتار

ملزمان کے خلاف تھانہ سٹی میں انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمہ درج

پشاور (نیوز رپورٹر) چارسدہ میں سردریاب چیک پوسٹ پر پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 2 منشیات سمگلروں کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان چارسدہ پولیس کے مطابق ڈی ایس پی سٹی عدنان اعظم خان کی خفیہ اطلاع پر ایس ایچ او تھانہ سٹی بہرمند شاہ اور انچارج چوکی سردریاب پی اے ایس آئی مصور خان نے کارروائی کرتے ہوئے دو منشیات سمگلر ایک خاتون اور مرد کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 2510 گرام ہیروئن اور 3600 گرام چرس برآمد کرلی۔ ملزمان کے خلاف تھانہ سٹی میں انسداد منشیات ایکٹ کے تحت (بقیہ نمبر 65)

سیاست کی دنیا میں اعتدال پسندی سے کام کرنا چاہیے، چوہدری محمد برجیس طاہر

ننکانہ صاحب (جنرل رپورٹر) سیاست کی دنیا میں اعتدال پسندی سب سے بہتر عمل ہے۔ مرکزی رہنما پاکستان مسلم لیگ ن چوہدری محمد برجیس طاہر نے کہا ہے کہ جمہوریت کی خوبصورتی اسی میں ہے کہ فیصلہ عوام کو کرنے دیا جائی وہ کسے پسند کرتے ہیں۔ سیاست کی دنیا میں اعتدال پسندی (بقیہ نمبر 66)

بے نظیر بھٹو کے بھائی شاہنواز بھٹو 38 ویں برسی آج 18 جولائی کو منائی جائیگی

ملک بھر میں تقریبات انعقاد پذیر ہوں گی جس میں مرحوم کے لئے قرآن خوانی کا اہتمام کیا جائے گا

کراچی (نیوز رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے بانی شہید ذوالفقار علی بھٹو کے صاحبزادے اور سابق وزیر اعظم بے نظیر بھٹو کے بھائی شاہنواز بھٹو 38 ویں برسی آج 18 جولائی بروز منگل (بقیہ نمبر 59)

لاہور ہائیکورٹ نے ہیلمٹ نہ پہننے والوں کو 5 ہزار جرمانہ کرنے کا عندیہ دے دیا

ڈی آئی جی نے چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی سمیت تمام اضلاع کے چیف ٹریفک افسران اور ڈی پی اوز کو مراسلہ ارسال کر دیا

رولز بنانے کے بعد آگاہ کیا جائے، عدالت اس پر حکم جاری کردے گی، عدالت کا اسموگ کیخلاف دائر درخواستوں کی سماعت کے دوران ریمارکس

لاہور (خصوصی رپورٹر) ہیلمٹ نہ پہننے والوں کو بڑا جرمانہ کرنے کا عندیہ دے دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ہیلمٹ نہ پہننے والوں کے گرد قانونی شکنجہ سخت کیا جائیگا، لاہور ہائیکورٹ میں اسموگ کیخلاف دائر درخواستوں پر سماعت ہوئی، جسٹس شاہد کریم نے سماعت کی۔ عدالت نے ہیلمٹ نہ پہننے والوں کو 5 ہزار جرمانہ کرنے کا عندیہ دے دیا۔ عدالت نے اس حوالے سے رولز بنانے کی ہدایت کر دی۔ لاہور ہائیکورٹ نے قرار دیا کہ رولز بنانے کے بعد آگاہ کیا جائے، عدالت اس پر حکم جاری کر دے گی۔ عدالت نے ریمارکس دیئے کہ بغیر ہیلمٹ موٹر سائیکل سوار کو 5 ہزار جرمانہ کریں، خلاف ورزی کرنے والے شہری خود بخود ٹھیک ہو جائیں گے۔ پہلے 10 روز ہیلمٹ کی تشہیر کریں اور شہریوں کو آگاہی دیں۔ لاہور ہائیکورٹ نے سی بی ڈی انڈر پاس میں بارش کا پانی کھڑا ہونے پر ناراضگی کا اظہار کیا، ہی ای او عمران امین اور سیکرٹری ہاؤسنگ سے جواب طلب کرلیا گیا۔ عدالت نے ریمارکس دیئے کہ انڈر پاس پہلی (بقیہ نمبر 64)

مویشی چوری کے مقدمہ میں ملوث 03 ملزمان گرفتار، پتریاٹہ پولیس

ملزمان سے مویشیوں کی فروخت سے حاصل ہونے والی رقم 52 ہزار روپے برآمد ہوئے

راولپنڈی (جنرل رپورٹر) پتریاٹہ پولیس کی کاروائی، مویشی چوری کے مقدمہ میں ملوث 03 ملزمان گرفتار، مویشیوں کی فروخت سے حاصل ہونے والی رقم 52 ہزار روپے برآمد۔ تفصیلات کے مطابق پتریاٹہ پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے مویشی چوری کی مقدمہ میں ملوث 03 ملزمان کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان میں مسعود، عزت اور خطیب شامل ہیں، ملزمان سے مویشیوں کی فروخت (بقیہ نمبر 60)

پشاور، محرم الحرام کے حوالے سے ریسکیو 1122 کی تیاریاں مکمل

پشاور (جنرل رپورٹر) پشاور سمیت خیبر پختونخوا میں محرم الحرام کے حوالے سے ریسکیو 1122 نے تمام تیاریاں مکمل کر لی ہیں۔ ڈائریکٹر جنرل ریسکیو 1122 خیبر پختونخوا ڈاکٹر خطیر احمد کیمطابق اس ضمن میں ریسکیو اہلکاروں کی چھٹیاں منسوخ کر دی گئیں ہیں، محرم الحرام کے (بقیہ نمبر 67)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاوس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035